CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر
امروز
www.dailyimroze.com

جلد: 19 | جمعرات، 4 جون 2026ء، 18 ذوالحج 1447ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 155

عوام کو ریلیف دینے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں، وزیراعظم

وزیراعظم شہباز شریف نے صنعتکاروں کو یقین دہانی کرائی ہے کہ آئندہ بجٹ میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور برآمدات بڑھا کر ملکی معیشت مستحکم کرنے کے اقدامات ترجیحی بنیادوں پر کیے جا رہے ہیں

حکومت کاروباری برادری کے تعاون سے صنعت، زراعت اور آئی ٹی شعبوں کی ترقی، ٹیکس نیٹ بڑھانے اور نوجوانوں کو جدید فنی تربیت دے کر روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے کوشاں ہے

صنعتکاروں کے وفد سے گفتگو میں وزیراعظم نے واضح کیا کہ غیر رسمی معیشت کو دستاویزی بنانا اور کاروباری شراکت داری کو فروغ دینا ہی ملکی معاشی استحکام اور قومی ترقی کی اصل ضمانت ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ آنے والے بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف سے ملک کے معروف صنعتکاروں اور ممتاز کاروباری شخصیات کے وفد نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ اس موقع پر کاروباری طبقے سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کیلیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ حکومت ایسی صنعتوں کے فروغ کیلیے کوشاں ہے، جن سے ملکی پیداوار بڑھے، برآمدات میں اضافہ اور ملازمتوں کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ کاروبار دوست پالیسیوں سے ملکی معیشت مستحکم اور بیرونی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوا ہے۔ (بقیہ نمبر 1)



کوئٹہ میں پٹرول کا بحران، عوام پریشان

عید تعطیلات کے باعث سپلائی متاثر، بحالی میں دو دن لگ سکتے ہیں

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) پیٹرول اور ڈیزل کی قلت بدستور برقرار ہے، شہر کے اکثر پٹرول پمپس بند ہونے سے صارفین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جبکہ کھلے پمپس پر صارفین کا (بقیہ نمبر 2)

شیخوپورہ: خاتون اور بیٹی پر تیزاب گردی

حنا پرویز بٹ کا نوٹس، ملزم گرفتار، متاثرین کو ہر ممکن انصاف کی یقین دہانی

شیخوپورہ (نیوز ڈیسک) خاتون اور 14 سالہ بیٹی پر تیزاب پھینکنے کے افسوسناک واقعہ پر حنا پرویز بٹ نے نوٹس لے لیا۔ چیئرپرسن پنجاب وومن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے ڈی پی او شیخوپورہ سے واقعے کی فوری رپورٹ طلب کر لی۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم وقاص کو گرفتار کر لیا۔ واقعہ تھانہ کوٹ عبدالمالک کی حدود میں پیش آیا، جہاں ملزم نے ا (بقیہ نمبر 3)

میاں بیوی پر تشدد کرنے والے دونوں ملزمان مبینہ پولیس مقابلے میں گرفتار

کراچی (نیوز ڈیسک) ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی نے کہا ہے کہ کراچی میں میاں بیوی پر بہیمانہ تشدد کرنے والے دو ملزمان کو اقبال مارکیٹ پولیس نے مبینہ پولیس (بقیہ نمبر 5)

بجٹ: پارلیمنٹ لاجز کی توسیع کیلئے فنڈز

اراکین پارلیمنٹ کی رہائش گاہوں کیلئے ڈیڑھ ارب روپے مختص

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں پارلیمنٹ لاجز کی توسیع اور اراکین پارلیمنٹ کے اہل خانہ کے لیے اضافی رہائش گاہوں کی تعمیر کی غرض سے ڈیڑھ ارب روپے مختص کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ میں سرکاری دستاویزات (بقیہ نمبر 4)

پاکستان میں بجلی کا استعمال بھارت سے کم

اضافی بلوں سے بچنے کیلیے عوام نے استری اور فریج کا استعمال کم کر دیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) بھارت کی نسبت پاکستان میں بجلی کا استعمال بہت کم کیا جاتا ہے کیونکہ 200 یونٹس تک محدود رہنے کیلیے لوگوں نے استری اور فریج کا استعمال کم سے کم کر دیا ہے۔ یہ بات گزشتہ روز سابق وفاقی وزیر مفتاح اسماعیل نے اے آر وائی نیوز کے پروگرام (بقیہ نمبر 14)

بجلی بلوں میں فکسڈ چارجز دوگنے ہو گئے

وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری کا اعتراف، کم بجلی استعمال کرنے والوں پر بوجھ بڑھ گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے اعتراف کیا ہے کہ یہ سچ ہے کہ بجلی بلوں میں فکسڈ چارجز ڈبل ہو گئے ہیں۔ اے آر وائی نیوز کے پروگرام 'خبر' میں گفتگو کرتے ہوئے اویس لغاری نے کہا پہلے فکسڈ چارجز بل کے 3 یا 4 فی صد پر لیے جاتے تھے، اب بل (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد ہائیکورٹ کا سفری پابندیوں پر اہم فیصلہ

اوور اسٹے پر ڈی پورٹ افراد کے نام پی سی ایل میں ڈالنا غیر قانونی قرار

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ہائیکورٹ نے بیرون ملک سفری پابندیوں کے کیس میں بڑا فیصلہ سناتے ہوئے دوسرے ملک سے اوور اسٹے پر ڈی پورٹ ہونے پر پی سی ایل میں نام ڈالنا غیر قانونی قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ نے بیرون ملک سفری (بقیہ نمبر 12)

منظور وسان کا سابق ایڈیشنل آئی جی کو نوٹس

پچاس کروڑ ہرجانے کا مطالبہ، جھوٹے الزامات پر چودہ روز میں معافی مانگنے کا حکم

کراچی (نیوز ڈیسک) پیپلز پارٹی کے منظور وسان نے سابق ایڈیشنل آئی جی کو 50 کروڑ ہرجانے کا نوٹس دیتے ہوئے فوری معافی کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 11)

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا ایران کو واضح پیغام، باضابطہ معاہدے تک پہنچنے کی تاکید

واشنگٹن: امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہوں نے ایران کو واضح پیغام دیا ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ دونوں ممالک کسی نہ کسی شکل میں ایک معاہدے تک پہنچ جائیں۔ اپنے تازہ بیان میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ ا (بقیہ نمبر 7)

بدخشاں میں اندرونی بغاوت، ملا ہبت اللہ کا سخت ترین حکم نامہ جاری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) افغان طالبان رجیم کی مرکزی قیادت اور بدخشاں کے مقامی کمانڈروں کے درمیان اختلافات کھل کر سامنے آ گئے ہیں۔ طالبان رجیم کے خلاف بغاوت کے اشارے ملنے پر ملا ہبت اللہ کا (بقیہ نمبر 8)

امریکا میں آپریشن چیک میٹ، غیر قانونی بھارتی شہریوں پر سخت کریک ڈاؤن

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکا میں آپریشن چیک میٹ کے تحت غیر قانونی طور پر مقیم بھارتی شہری سخت کریک ڈاؤن کی لپیٹ میں ہیں۔ دنیا بھر میں غیر قانونی طور پر مقیم بھارتی شہری مختلف ممالک کے لیے وبال جان بن (بقیہ نمبر 9)

نیا پاکستان سرٹیفکیٹس اب سعودی ریال اماراتی درہم میں بھی دستیاب، سٹیٹ بینک

سٹیٹ بینک نے اوورسیز پاکستانیوں کے لیے اب سعودی ریال اور متحدہ عرب امارات کے درہم میں سرٹیفکیٹس جاری کر دیے

نیا پاکستان سرٹیفکیٹس میں غیر ملکی کرنسیوں کے تحت کم از کم سرمایہ کاری ایک ہزار یونٹس پر مشتمل ہوگی

کراچی (بیورو رپورٹ) اوورسیز پاکستانیوں کے لیے بڑی خوشخبری سامنے آ گئی، نیا پاکستان سرٹیفکیٹس اب سعودی ریال اور متحدہ عرب امارات کے درہم میں بھی دستیاب ہوں گے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری سرکلر کے مطابق نیا پاکستان سرٹیفکیٹس کو سعودی ریال اور یو اے ای درہم میں بھی جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، یہ سرٹیفکیٹس پہلے ہی پاکستانی روپے، امریکی ڈالر، برطانوی پاؤنڈ اور یورو میں دستیاب ہیں۔ سرکلر کے مطابق سعودی ریال، یو اے ای درہم، امریکی ڈالر اور یورو میں کم از کم سرمایہ کاری ایک ہزار یونٹس پر مشتمل ہوگی، جبکہ غیر ملکی کرنسیو (بقیہ نمبر 6)

نوجوان آبادی ملک کی بڑی طاقت ہے، وزیر خزانہ

پاکستان کی نوجوان آبادی کو جدید مہارتوں سے آراستہ کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے تاکہ روزگار اور معاشی مواقع بہتر بنائے جا سکیں، انسانی وسائل میں سرمایہ کاری ناگزیر

مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے صحت، تعلیم اور افرادی قوت کی ترقی کے نئے مواقع پر بات چیت، کی گئی عالمی معیار کے مطابق نظام سازی ضروری قرار

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے عالمی بینک کی جانب سے پاکستان کی ترقی اور اصلاحاتی ترجیحات میں مسلسل تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشی استحکام کی جانب پیش رفت کے بعد حکومت کی توجہ صحت، تعلیم، ہنرمندی اور سماجی تحفظ کے شعبوں میں بہتری پر مرکوز ہے پاکستان کی نوجوان آبادی ملک کی بڑی طاقت ہے، جسے جدید دور کے تقاضوں کے مطابق مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزارت خزانہ میں عالمی بینک کے انسانی ترقی سے متعلق شعبے کی نائب صدر ممتاز مرتضیٰ کی سربراہی میں ملاقات کیلئے آئے ہوئے ایک اعلیٰ سطحی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ملاقات میں پاکستان میں انسانی ترقی، صحت، تعلیم، ہنرمندی، روزگار اور ٹیکنالوجی کے استعمال سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وزیر خزانہ نے عالمی (بقیہ نمبر 10)

چینی سفیر کی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات

شہباز شریف نے دورۂ چین کے دوران طے پانے والے تمام فیصلوں اور مفاہمتوں پر فوری عملدرآمد کی ہدایت کی

چینی سفیر نے وزیراعظم کو کامیاب دورۂ چین اور عید کی مبارکباد دیتے ہوئے لازوال دوستی کا عزم دہرایا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زائی ڈونگ نے آج وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں وزیراعظم نے معدنیات اور کان کنی کے شعبوں میں تعاون پر زور دیا۔ ملاقات میں وزیراعظم کے مشیر ڈاکٹر سید توقیر شاہ، وزیراعظم کے معاونِ خصوصی سید طارق فاطمی اور سیکریٹری خارجہ سفیر آمنہ بلوچ بھی شریک تھیں۔ وزیراعظم نے چین کے صدر شی جن پنگ اور وزیراعظم لی چیانگ کے لیے اپنی نیک تمناؤں اور پُرتپاک جذبات (بقیہ نمبر 33)

وفاقی بجٹ: تاریخ اور اہداف میں غیر یقینی صورتحال

تنخواہ دار طبقے پر ٹیکسوں کا بوجھ بڑھنے کا خدشہ، تھنک ٹینک کا متبادل شیڈو بجٹ پیش

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ 2026-27 کی تیاری میں تاحال حتمی فیصلوں تک نہیں پہنچ سکی، جبکہ بجٹ پیش کرنے کی تاریخ بھی غیر یقینی صورتحال کا شکار ہے۔ اے آر وائی نیوز کے پروگرام آن مائی راڈار میں سینئر تجزیہ کار کامران خان (بقیہ نمبر 32)

ملک بھر میں طوفانی بارشیں اور ژالہ باری

مختلف حادثات میں چار افراد جاں بحق اور انیس زخمی، مواصلاتی نظام اور بجلی کی فراہمی درہم برہم

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ، بلوچستان، پنجاب اور خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر کے مختلف شہروں میں تیز آندھی کے ساتھ موسلا دھار بارش اور ژالہ باری ہوئی ہے۔ مختلف شہروں میں حادثات کے باعث 4 افراد جاں بحق، 19 زخمی ہو گئے ہیں، کندھ کوٹ کے نواحی گاؤں میں آسمانی (بقیہ نمبر 31)

بجٹ پر پیپلز پارٹی کے تحفظات تاحال برقرار

مذاکرات کے بعد بھی معاملات حل نہ ہو سکے، وفاقی بجٹ مؤخر ہونے کا امکان



اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت بجٹ 2026-27 پر اپنی اتحادی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی کے تحفظات تاحال مکمل طور دور نہیں کر سکی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان بجٹ پر اہم بیٹھک (بقیہ نمبر 30)

صومالیہ آپریشن پر مبنی پاک فوج کی کتاب پیش

پاکستانی غازیوں کی بہادری کی داستان، امریکی رینجرز کو بچانے کے تاریخی مشن کی تفصیلات

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاک فوج کی تاریخ پر لکھی گئی کتاب ''ریسکیونگ دی یو ایس رینجرز'' کو عوام کے سامنے پیش کر دیا گیا ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق پاک فوج کی تاریخ پر لکھی گئی کتاب ''ریسکیونگ دی یو ایس رینجرز'' کو آرمی انسٹیٹیوٹ آف ملٹری ہسٹری میں (بقیہ نمبر 29)

سندھ کے ضلع سانگھڑ میں تیل و گیس دریافت

بوبی ڈیپ ون کنویں سے یومیہ دو ہزار بیرل تیل اور گیس کی پیداوار شروع

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان میں تیل اور گیس کا نیا ذخیرہ دریافت کر لیا گیا، نئی دریافت سے ملکی توانائی کی ضروریات پوری کرنے اور درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنے میں مدد ملے گی۔ تفصیلات کے مطابق آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) نے صوبہ سندھ کے ضلع سانگھڑ میں واقع "بوبی ڈیپ ون" کنویں سے تیل اور گیس کا ایک نیا اور بڑا ذخیرہ دریافت کر لیا۔ بوبی ودھامر کی مائننگ لیز میں یہ او جی ڈی سی ایل کی پہلی بڑی ہائیڈروکاربن دریافت ہے، جسے (بقیہ نمبر 28)

ایف بی آر کو دو حصوں میں تقسیم کرنے کا مشورہ

پچانوے فیصد ریونیو آٹومیشن پر ہے، غیر دستاویزی معیشت سے ٹیکس جمع کرنے پر زور

اسلام آباد (نیوز ڈیسک): ٹیکس امور کے ماہر آصف ہارون نے حکومت کو مشورہ دیا ہے کہ فیڈرل بیورو آف ریونیو (ایف بی آر) کو دو حصوں میں تقسیم کیا جانا چاہیے۔ اے آر وائی نیوز کے پروگرام آن مائے ریڈار میں آصف ہارون نے کہا کہ 95 فی صد ریونیو کلیکشن آٹو پر ہے، آج (بقیہ نمبر 27)

کراچی: بارات میں ہوائی فائرنگ، دولہا گرفتار

اسلحے سے لیس باراتیوں کا پولیس پر تشدد، چھ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد میں بارات کے پہنچتے ہی علاقہ میدان میں جنگ میں تبدیل ہو گیا دولہا اور باراتی اسلحے سے لیس ہو کر آئے تھے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق کراچی کے علاقے بھینس کالونی میں آنے والی بارات میں دولہا اور باراتی اسلحے سے لیس ہو کر آئے اور بارات (بقیہ نمبر 26)

قومی اسمبلی سیکریٹریٹ میں ساڑھے چار ارب کی تاریخی بچت

انتظامی اصلاحات اور ڈیجیٹلائزیشن سے اخراجات میں نمایاں کمی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) کفایت شعاری اصلاحات کے نتیجے میں قومی اسمبلی سیکریٹریٹ میں 5.4 ارب روپے کی ریکارڈ بچت ہوئی، جو قومی اسمبلی کو جدید، موثر اور عوام دوست ادارہ بنانے کی جانب اہم قدم ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی قیادت میں شروع کی جانے والی کفایت شعاری اور انتظامی اصلاحات کے انتہائی مثبت نتائج سامنے (بقیہ نمبر 25)

غنڈہ گردی اور بھتہ خوری کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

پنجاب حکومت نے غنڈہ گردی اور بھتہ خوری اور گینگ سرگرمیوں کے خلاف سخت قانون متعارف کرانے کی تیاری شروع کر دی

نئے قانون کے تحت عادی مجرموں کو اینٹی سوشل پرسن قرار دینے اور کمیٹیوں کو اختیارات دینے کی تجویز

لاہور (نیوز ڈیسک) پنجاب حکومت نے غنڈہ گردی، بھتہ خوری اور گینگ سرگرمیوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرتے ہوئے پرانے غنڈا ایکٹ 1959 کی جگہ نیا سخت قانون متعارف کرانے کی تیاری شروع کر دی۔ ذرائع کے مطابق مجوزہ قانون کے تحت عادی مجرموں کو "اینٹی سوشل پرسن" قرار دیا جائے گا جبکہ ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کمیٹیوں کو مشتبہ افراد کو ڈکلیئر کرنے کے اختیارات بھی دیے جائیں گے۔ نئے قانون میں سزاؤں کو بھی سخت کیا جا رہا ہے (بقیہ نمبر 15)

مودی سرکار کو چیلنج، کاکروچ پارٹی کی احتجاجی کال جاری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) بی جے پی کی کٹھ پتلی مودی سرکار کی غلط پالیسیوں کا (بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی: پینتالیس لاکھ کی چوری، بھتیجا دوست سمیت گرفتار

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) ویسٹ ریج پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے گھر (بقیہ نمبر 17)

امریکا: خاندانی تنازع پر فائرنگ، چھ افراد کو قتل کر کے خودکشی

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکا کی ریاست آئیووا کے شہر مسکیٹین میں (بقیہ نمبر 18)

پاکستان میں کاروباری اعتماد تیرہ فیصد رہ گیا، سرمایہ کاری کے فیصلے روک دیے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان میں کاروباری اعتماد 22 فیصد سے گر کر 13 فیصد رہ گیا اور 80 فیصد کمپنیوں نے پاکستان میں سرمایہ کاری کے فیصلے روک لیے۔ تفصیلات کے مطابق اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے بزنس کانفیڈنس انڈیکس (بقیہ نمبر 20)

انمول پنکی کیس: سہولت کاروں کے اکاؤنٹس بے نقاب

عدالت میں بینک تفصیلات جمع، منشیات نیٹ ورک کے لین دین کا ریکارڈ سامنے آ گیا

کراچی (نیوز ڈیسک) پولیس نے ملزمہ انمول پنکی کے سہولت کاروں کے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات عدالت میں جمع کرا دی، جس میں بتایا گیا کہ منشیات کی رقم کہاں کہاں سے آتی تھی اور کس کو منتقل کی جاتی تھی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں منشیات سپلائی کرنے والی 'کوکین' (بقیہ نمبر 19)

غیر قانونی فاسفیٹ کان کنی سے قومی خزانے کو 84 کروڑ روپے کا نقصان

غیر قانونی فاسفیٹ کان کنی سے قومی خزانے کو اربوں روپے نقصان کا انکشاف، نیب کی تحقیقات جاری ہیں

ایبٹ آباد کاکول میں جنگلاتی اراضی سے غیر قانونی فاسفیٹ نکالنے پر بڑا مالی نقصان رپورٹ میں سامنے آیا

پشاور (بیورو رپورٹ) غیر قانونی فاسفیٹ کان کنی سے خزانے کو 84 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان پہنچانے کا انکشاف ہوا ہے۔ قومی احتساب بیورو (نیب) خیبر پختونخوا کی تحقیقات میں انکشاف ہوا ہے کہ ایبٹ آباد کے علاقے کاکول میں مبینہ غیر قانونی فاسفیٹ کان کنی کے نتیجے (بقیہ نمبر 21)

پشاور: بجٹ سے قبل پیسکو ملازمین گریڈ چودہ میں ترقی یاب

پشاور (نیوز ڈیسک) بجٹ سے قبل ہی ملازمین کے لیے بڑی خوشخبری (بقیہ نمبر 22)

حافظ نعیم کا تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس ختم کرنے کا مطالبہ

سوا لاکھ تک انکم ٹیکس کے خاتمے اور مڈل کلاس کو بجٹ میں ریلیف دینے پر زور

لاہور (نیوز ڈیسک) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ماہانہ سوا لاکھ روپے تک تنخواہ پر لیا جانے والا انکم ٹیکس ختم کیا جائے۔ ایکس پر اپنے بیا (بقیہ نمبر 23)

پنجاب کا مفت سفری سہولت کو پیٹرول قیمتوں سے مشروط کرنے کا فیصلہ

پنجاب حکومت نے مفت سفری سہولت کے مستقبل پر اہم پالیسی تبدیلی پر غور شروع کر دیا ہے

مفت سفری سہولت کو پیٹرولیم قیمتوں سے مشروط کرنے کا فیصلہ زیر غور، حتمی فیصلہ اگلے ہفتے متوقع

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب حکومت نے لاہور سمیت صوبہ بھر میں شہریوں کو دی جانے والی مفت سفری سہولت کے مستقبل سے متعلق اہم پالیسی تبدیلی پر غور شروع کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مفت سفری سہولت کو پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے مشروط کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے وزیر اعلیٰ پنجاب کو دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ اگر پیٹرول کی قیمتیں 300 روپے فی لیٹر تک پہنچ جاتی ہیں تو مفت سفری (بقیہ نمبر 24)

کراچی: مختلف پولیس مقابلوں میں چھے زخمیوں سمیت نو ڈاکو گرفتار

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس نے مبینہ مقابلوں کے دوران 6 زخمیوں سمیت 9 ڈاکوؤں کو گرفتار کر لیا۔ کارروائیوں کے دوران ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، چھینے گئے موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکلیں بھی برآمد کر لی گئیں۔ (بقیہ نمبر 34)

رات گئے جاگنے کی عادت، دماغی صحت کیلئے سنگین خطرہ بن سکتی ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) رات گئے تک جاگنے کی عادت آپ کی دماغی صحت کے لیے خطرہ بن سکتی ہے۔ جدید طرز زندگی میں نیند کے اوقات میں بے ترتیبی عام ہوتی جا رہی ہے خاص طور پر نوجوانوں میں رات گئے تک جاگنا ایک معمول بنتا جا رہا ہے تاہم ماہرین صحت (بقیہ نمبر 35)

کمراٹ میں دریا کا بہاؤ تیز، پی ڈی ایم اے کی رپورٹ جاری

اپر دیر (نیوز ڈیسک) سیاحتی مقام کمراٹ میں برف پگھلنے سے دریا کے بہاؤ میں مسلسل اضافہ ہونے لگا جو کسی بھی وقت خطرناک صورتحال اختیار کر سکتی ہے۔ سیاحتی مقام وادی کمراٹ کی بائی پاس سڑک دریا کے پانی میں بہہ گئی تاہم گاڑیوں کی آمد و رفت جاری ہے (بقیہ نمبر 36)

لاہور: چائے کا انوکھا ہوٹل، جہاں آواز نہیں اشارے بولتے ہیں

لاہور (نیوز ڈیسک) چائے کا انوکھا ہوٹل، جہاں آواز نہیں، اشارے بولتے ہیں، عابد مارکیٹ کی تاریخی دکان میں ہر اتوار (بقیہ نمبر 38)

سندھ میں آندھی اور بارش سے تباہی

مٹی کے طوفان سے بجلی نظام درہم برہم، شہری متاثر ہوئے

سکھر (نیوز ڈیسک) سندھ کے مختلف اضلاع میں کراچی سمیت منگل کی شب آنے والی شدید آندھی، مٹی کے طوفان اور موسلا دھار بارش نے بڑے پیمانے پر تباہی مچا دی۔ کئی شہروں میں بجلی کا نظام درہم برہم ہو گیا جبکہ درخت گرنے، سولر پلیٹیں اڑنے اور بجلی کی تاریں ٹوٹنے (بقیہ نمبر 37)

امریکہ نے ادائیگیاں روک دیں، اقوام متحدہ دیوالیہ پن کے دہانے پر

امریکا چین واجب الادا رقوم کی عدم ادائیگی سے اقوام متحدہ مالی بحران شدید خطرے میں داخل ہو گیا

اقوام متحدہ کے پاس نقدی ختم ہونے کا خطرہ اگست کے وسط تک شدید انتباہ جاری

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے خبردار کیا ہے کہ ادارہ دیوالیہ پن کی دوڑ میں داخل ہو چکا ہے اور اگست کے وسط تک عالمی ادارے کے پاس نقد رقم ختم ہونے کا خطرہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کے سب سے بڑے مالی (بقیہ نمبر 39)

نادرا کا اٹھارہ سال سے کم عمر بچوں کیلئے جووینائل کارڈ کا اجراء

لاہور (نیوز ڈیسک) اگر آپ اپنے 18 سال سے کم عمر بچوں کا شناختی کارڈ بنوا (بقیہ نمبر 45)

سپریم کورٹ میں غیر قانونی گردہ کیس

عدالت نے اعضا کی غیر قانونی پیوندکاری پر تشویش ظاہر کی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سپریم کورٹ میں دھوکا دہی کے ذریعے انسانی جسم سے اعضا نکالنے سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران عدالت نے غیر قانونی اعضا کی پیوندکاری کے (بقیہ نمبر 40)

بجٹ کھانے پینے کی بنیادی اشیاء پر بھاری ٹیکسز کم ہونے کا امکان

وفاقی بجٹ 2026 میں عوام کو خوراکی اشیا پر فوری ریلیف ملنے کے امکانات انتہائی محدود قرار دیے گئے

حکومت نے بنیادی غذائی اشیا پر سیلز ٹیکس اور کسٹمز ڈیوٹیز برقرار رکھنے کا فیصلہ مہنگائی برقرار رہنے کا خدشہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت کی جانب سے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں عوام کو اشیائے خورونوش پر بڑے پیمانے پر ریلیف ملنے کا امکان کم نظر آ رہا ہے۔ حکام کے مطابق حکومت نے کھانے پینے کی بنیادی اشیا پر عائد سیلز میں کسٹمز ڈیوٹیز اور دیگر محصولات برقرار (بقیہ نمبر 46)

روپے کی نئی پہچان، ہاشمی قریشی برادری کا فخر اور ایک عظیم قومی مہم!

قلمدارِ قبیلہ

حسن شہروز ہاشمی



روپے کی نئی پہچان، ہاشمی قریشی برادری کا فخر اور ایک عظیم قومی مہم! کسی بھی خود مختار ملک کے لیے اس کی کرنسی صرف لین دین کا متبادل نہیں ہوتی، بلکہ بین الاقوامی سطح پر اس کی معاشی غیرت، قومی وقار اور خودمختاری کا سب سے بڑا استعارہ ہوتی ہے۔ جب ہم عالمی معیشت کے نقشے پر نظر دوڑاتے ہیں، تو دنیا کی بڑی طاقتوں کی پہچان ان کے مخصوص اور منفرد علامتی نشانات سے ہوتی ہے۔ ڈالر کا مخصوص نشان، یورو کی علامت، برطانوی پاؤنڈ کا طغرہ اور جاپانی ین کا نشان دیکھتے ہی دنیا کے ذہن میں ان ممالک کا معاشی تشخص اور وقار ابھرتا ہے۔ لیکن یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ قیامِ پاکستان سے لے کر آج تک، ہمارے روپے کا کوئی باقاعدہ، متفقہ اور مخصوص عالمی نشان موجود نہیں تھا جو دنیا بھر کی مارکیٹوں اور ڈیجیٹل اسکرینوں پر ہماری الگ اور آزاد پہچان بن سکتا۔ اس دیرینہ قومی کمی کو محسوس کرتے ہوئے اب ایک ایسا انقلابی اور تاریخی قدم اٹھایا گیا ہے جس نے ملک بھر کے دانشوروں اور محبِ وطن طبقے کو ایک نئی سوچ دی ہے۔ پاکستانی روپے کو ایک باوقار عالمی تشخص دینے کا یہ عظیم سہرا مایہ ناز سماجی و سیاسی شخصیت، مفکر اور مکمل پاکستان پارٹی کے چیئرمین محمد عبدالمتین ہاشمی کے سر سجتا ہے۔ انہوں نے اپنی تخلیقی بصیرت اور حب الوطنی کے مخلصانہ جذبے سے سرشار ہو کر پاکستانی روپے کے لیے ایک انتہائی منفرد، سادہ اور جاندار علامتی نشان متعارف کروایا ہے، جو اس وقت ملک بھر میں ایک منظم قومی مہم کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ اس منفرد آئیڈیے کی سب سے بڑی فکری اور ثقافتی خوبصورتی یہ ہے کہ یہ کسی غیر ملکی زبان یا اجنبی فلسفے کا سہارا لینے کے بجائے ہماری اپنی قومی زبان، تہذیب اور اسلامی تشخص کی بھرپور عکاسی کرتا ہے۔ محمد عبدالمتین ہاشمی نے اردو کے خوبصورت حرفِ تہجی "ر"، "و"، جو کہ روپے کا پہلا حرف ہے، اپنی تخلیق کی بنیاد بنایا۔ اس روایتی "ر" کے اوپر دو افقی متوازی لکیریں کھینچ کر اسے ایک ایسا عالمی اور معیاری روپ دیا گیا ہے جو دیکھنے میں انتہائی پروقار لگتا ہے اور بین الاقوامی کرنسیوں کے ہم پلہ نظر آتا ہے۔ یہ ایک ایسا شاہکار ڈیزائن ہے جو ہماری مٹی کی خوشبو سے جڑا ہونے کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل اسکرینز، گرافکس اور عالمی بینکوں کے سافٹ ویئرز پر باآسانی اور تکنیکی طور پر استعمال کیے جانے کے کامل لائق ہے۔ چونکہ محمد عبدالمتین ہاشمی ہاشمی قریشی برادری کے ایک مایہ ناز سپوت اور درخشندہ ستارے ہیں، اس لیے ان کا یہ شاندار قومی کارنامہ پوری برادری کے لیے انتہائی قابلِ صد احترام، باعثِ مسرت اور فخر کا عنوان بن گیا ہے۔ اس فکری اور تخلیقی اثاثے کو منظرِ عام پر لائے جانے کے بعد ملک بھر کی ہاشمی قریشی برادری کے عمائدین، اہل لغت، صحافیوں اور نوجوانوں میں ایک نئی توانائی دوڑ گئی ہے۔ پاکستان کے طول و عرض، خصوصاً پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان سے برادری کے ممتاز حلقوں نے اس مہم کی دل کھول کر پذیرائی اور حوصلہ افزائی کی ہے۔ برادری کے تمام سماجی اور فکری حلقوں کی طرف سے یہ عزم ظاہر کیا جا رہا ہے کہ محمد عبدالمتین ہاشمی کی اس تعمیری سوچ کو صرف ایک عارضی تجویز تک محدود نہیں رہنے دیا جائے گا، بلکہ اسے ہر فورم اور ہر سطح پر بھرپور طریقے سے سپورٹ کیا جائے گا، کیونکہ اسے صرف ایک فرد واحد کی کوشش نہیں بلکہ پوری برادری کی طرف سے پاکستان کی معاشی شناخت اور وقار کے لیے پیش کیا گیا ایک تاریخی تحفہ تسلیم کیا جا رہا ہے۔ یہ مہم دراصل اس فکری سچائی کا اظہار ہے کہ اگر ہم سب مل کر اس نشان کو عالمی اور قومی سطح پر متعارف کروائیں، تو یہ صرف ایک خط یا علامت نہیں رہے گا، بلکہ یہ ہماری معاشی آزادی اور قومی خودمختاری کا سب سے بڑا اعلان بن جائے گا۔ یہ نشان ہماری آنے والی نسلوں کے لیے ایک مستقل قومی پہچان چھوڑ کر جائے گا اور عالمی منڈیوں میں پاکستانی روپے کی ساکھ اور انفرادیت کو مضبوط کرے گا۔ اب یہ اہم قومی ذمہ داری حکومتِ پاکستان، اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور بالخصوص ملک کے تمام باکمال صحافیوں، کالم نگاروں اور محبِ وطن شہریوں پر عائد ہوتی ہے کہ وہ اس تعمیری تحریک کا عملی حصہ بنیں۔ سوشل میڈیا کے اس جدید دور میں اس تعمیری پیغام کو عام کرنا اور ہیش ٹیگ "ہمارا روپیہ ہماری پہچان" کو ہر دل کی آواز بنانا ہم سب کا قومی فریضہ ہے۔ آیئے، ہم سب مل کر محمد عبدالمتین ہاشمی کے اس خواب کو تعبیر دیں، ان کے اس تخلیقی محاذ پر ان کے ہاتھ مضبوط کریں اور ہاشمی قریشی برادری کے اس عظیم سپوت کی آواز میں اپنی آواز ملا کر اپنے روپے کی اس نئی اور خوبصورت پہچان کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچا کر دم لیں۔

قلم کی حرمت اور صحافی کا تحفظ ※ آزادیِ صحافت: ایک روشن معاشرے کی بنیاد



تحریر: محمد ارشد ہاشمی

دنیا کی تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی کسی معاشرے نے ترقی، شعور اور انصاف کی منزلیں طے کیں تو اس سفر میں ایک آزاد اور ذمہ دار صحافت نے بنیادی کردار ادا کیا۔ صحافی دراصل معاشرے کی آنکھ، کان اور ضمیر ہوتے ہیں۔ وہ ان کہی حقیقتوں کو زبان دیتے ہیں، اندھیروں میں چھپے حقائق کو روشنی میں لاتے ہیں اور عوام اور حکمرانوں کے درمیان ایک مضبوط پل کا کردار ادا کرتے ہیں۔ آزادیِ صحافت صرف صحافیوں کا حق نہیں بلکہ ہر شہری کا بنیادی حق ہے، کیونکہ جب صحافت آزاد ہوتی ہے تو عوام کو سچ جاننے کا موقع ملتا ہے، انصاف کے دروازے کھلتے ہیں اور معاشرے میں جوابدہی کا نظام مضبوط ہوتا ہے۔ افسوس کہ دنیا کے مختلف خطوں میں آج بھی صحافی دباؤ، دھمکیوں، ہراسانی، تشدد اور مختلف قسم کی پابندیوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ بعض اوقات سچ بولنے اور حقائق کو منظرِ عام پر لانے کی قیمت انہیں اپنی جان کی صورت میں ادا کرنا پڑتی ہے۔ ایک صحافی جب قلم اٹھاتا ہے تو وہ صرف الفاظ نہیں لکھتا بلکہ عوام کے حقِ معلومات کی حفاظت کرتا ہے۔ وہ ان مسائل کی نشاندہی کرتا ہے جنہیں بعض طاقتور حلقے پوشیدہ رکھنا چاہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ تاریخ میں ہر دور کے جابر اور آمر سب سے پہلے آزاد صحافت پر قدغن لگانے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ قلم بظاہر ایک معمولی سی چیز محسوس ہوتا ہے مگر اس کی طاقت تلوار سے کہیں زیادہ دیرپا اور مؤثر ہوتی ہے۔ ایک سچا صحافی اپنے قلم سے معاشرے کے ضمیر کو جگاتا ہے، ناانصافی کے خلاف آواز بلند کرتا ہے اور مظلوموں کی امید بن جاتا ہے۔ اگر صحافیوں کو تحفظ حاصل نہ ہو تو سچائی خوف کی زنجیروں میں جکڑ جاتی ہے اور جب سچائی خاموش ہو جائے تو معاشرے اندھیروں میں بھٹکنے لگتے ہیں۔ اسی لیے صحافیوں کا تحفظ دراصل سچائی، انصاف اور جمہوریت کا تحفظ ہے۔ ایک مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی پہچان یہ ہے کہ وہاں اختلافِ رائے کا احترام کیا جائے، تنقید کو برداشت کیا جائے اور صحافیوں کو اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں خوف و خطر کے بغیر انجام دینے کی آزادی حاصل ہو۔ حکومتوں، اداروں اور عوام سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ صحافیوں کی جان، عزت اور پیشہ ورانہ آزادی کو یقینی بنائیں، کیونکہ جو قوم اپنے صحافیوں کو تحفظ فراہم کرتی ہے وہ درحقیقت اپنے شعور، اپنی جمہوریت اور اپنے مستقبل کو محفوظ بناتی ہے۔ آج عالمی یومِ آزادیِ صحافت ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ سچائی کی آواز کو دبایا نہیں جا سکتا۔ صحافت کا اصل مقصد عوام کی خدمت، حقائق کی فراہمی اور معاشرے میں مثبت تبدیلی لانا ہے۔ آیئے عہد کریں کہ ہم آزادیِ صحافت کے اصولوں کا احترام کریں گے، صحافیوں کے تحفظ کے لیے آواز بلند کریں گے اور حق گوئی و دیانت داری کے اس عظیم مشن میں ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے، کیونکہ ایک آزاد قلم ہی ایک آزاد قوم کی ضمانت ہوتا ہے اور جہاں قلم آزاد ہو وہاں شعور کے چراغ ہمیشہ روشن رہتے ہیں۔ صحافی محفوظ ہوں گے تو سچ زندہ رہے گا، اور سچ زندہ رہے گا تو قوم کا مستقبل روشن رہے گا۔

شہادتِ امیر المؤمنین حضرت سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ



شہادتِ امیر المؤمنین حضرت سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ از: خواجہ محمد طیب معین معصومی نقشبندی مجددی سجادہ نشین مصطفیٰ آباد شریف۔ الحمدللہ رب العالمین، والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین، وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔ اسلام کی تاریخ میں بعض شخصیات ایسی ہیں جن کی عظمت و رفعت کو بیان کرنے کے لیے الفاظ خود کو عاجز محسوس کرتے ہیں۔ ان مقدس ہستیوں میں امیر المؤمنین، خلیفۂ ثالث، داماد رسول، ذوالنورین، کامل الحیاء، جامع القرآن، حضرت سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام نہایت درخشاں اور تابندہ ہے۔ آپ وہ خوش نصیب صحابی ہیں جنہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دو صاحبزادیوں کے ساتھ یکے بعد دیگرے نکاح کا شرف حاصل ہوا، اسی لیے آپ "ذوالنورین" یعنی دو نوروں والے کہلائے۔ یہ ایسا اعزاز ہے جو نہ آپ سے پہلے کسی کو ملا اور نہ بعد میں کسی کو نصیب ہوا۔ قرآن کریم میں فضائلِ عثمان غنی رضی اللہ عنہما گرچہ قرآن کریم میں آپ کا نام صراحت کے ساتھ مذکور نہیں، لیکن متعدد آیاتِ مبارکہ ان عظیم صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے فضائل بیان کرتی ہیں جن میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بھی شامل ہیں۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: "لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ ※ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ ※ تَحْتَ الشَّجَرَةِ ※" (الفتح: 18) ترجمہ: "بیشک اللہ مومنوں سے راضی ہو گیا جب وہ درخت کے نیچے آپ سے بیعت کر رہے تھے۔" بیعتِ رضوان میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اگرچہ مکہ مکرمہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سفیر کی حیثیت سے موجود تھے، مگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دستِ مبارک دوسرے ہاتھ پر رکھ کر فرمایا کہ یہ عثمان کی بیعت ہے۔ اس طرح آپ کو براہِ راست رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے بیعت کا شرف ملا۔ احادیثِ مبارکہ میں مقام عثمان غنی رضی اللہ عنہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آرام فرما تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آئے، پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ آئے، آپ اسی حالت میں رہے، لیکن جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اجازت طلب کی تو آپ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے۔ بعد میں پوچھا گیا تو فرمایا: "اَلَا اَسْتَحِيْ مِنْ رَجُلٍ تَسْتَحِيْ مِنْهُ ※ اَلْمَلٰٓئِكَةُ ※" "کیا میں اس شخص سے حیا نہ کروں جس سے فرشتے بھی حیا کرتے ہیں۔" (صحیح مسلم) یہ وہ مقامِ حیا ہے جس پر ملائکہ بھی رشک کرتے ہیں۔ ایک اور موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "لِكُلِّ نَبِيٍّ رَفِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ ※ وَرَفِيْقِيْ فِي الْجَنَّةِ ※ عُثْمَانُ" "ہر نبی کا جنت میں ایک ساتھی ہوتا ہے اور جنت میں میرا ساتھی عثمان ہے۔" خلافتِ عثمان غنی رضی اللہ عنہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خلافت اسلامی تاریخ کا روشن باب ہے۔ غزوۂ تبوک کے موقع پر جب اسلامی لشکر مالی تنگی کا شکار تھا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے سینکڑوں اونٹ، گھوڑے اور ہزاروں دینار پیش کیے۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "مَا ضَرَّ عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ الْيَوْمِ" "آج کے بعد عثمان جو بھی عمل کریں انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔" (جامع ترمذی) مدینہ منورہ کا مشہور کنواں "بئر رومہ" خرید کر مسلمانوں کے لیے وقف کرنا بھی آپ ہی کا عظیم کارنامہ ہے۔ شہادتِ عثمان غنی رضی اللہ عنہ آپ کی خلافت اسلام کی تاریخ کا سنہری دور ہے۔ قرآن کریم کی باقاعدہ تدوین و اشاعت کا عظیم الشان کارنامہ آپ ہی کے دور میں انجام پایا۔ مگر افسوس کہ منافقانہ سازشوں اور فتنوں نے امت میں انتشار پیدا کیا۔ باغیوں نے مدینہ منورہ کا محاصرہ کیا اور آپ کو خلافت چھوڑنے کا مطالبہ کیا، مگر آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وصیت کے مطابق حق پر ثابت قدم رہنا پسند فرمایا۔ بالآخر 18 ذوالحجہ 35 ہجری کو آپ اپنے گھر میں قرآن کریم کی تلاوت فرما رہے تھے۔ زبان پر کلامِ الٰہی جاری تھا اور نگاہیں قرآن کے صفحات پر تھیں کہ باغیوں نے نہایت بے دردی کے ساتھ آپ کو شہید کر دیا۔ روایات کے مطابق جس آیت پر آپ کا خونِ مبارک گرا وہ یہ تھی: "فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ※ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ" ترجمہ: "پس اے محبوب! اللہ آپ کو ان کے مقابلے میں کافی ہے اور وہی سننے والا جاننے والا ہے۔" کیا سعادت ہے کہ زندگی قرآن کے ساتھ گزری اور شہادت بھی قرآن کی آغوش میں نصیب ہوئی۔ اہل سنت کا عقیدہ اہل سنت و جماعت کا متفقہ عقیدہ ہے کہ حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ برحق خلیفہ، جلیل القدر صحابی، عشرہ بمبشرہ میں شامل اور جنتی ہیں۔ آپ سے محبت ایمان کی علامت اور آپ سے بغض گمراہی کی نشانی ہے۔ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی عظمت کا انکار دراصل اس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیصلے پر اعتراض ہے جس نے انہیں داماد، خلافت اور جنت کی بشارت عطا فرمائی۔" اختتامی صلوات: ہمیں سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حیا، سخاوت، صبر، حلم اور قرآن سے محبت کا صدقہ عطا فرما اور میرے ملک گرامی حضرت خواجہ خوردگان خواجہ محمد طاہر معین معصومی نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ کی زبانِ مبارک سے جاری ہونے والی اس دعا کو ہمارے حق میں قبول فرما۔ یا اللہ! سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خزانوں کی خیرات سے ہم سب کو سبع حلال مبارکہ کا کشادہ رزق عطا فرما اور دنیا و آخرت کی تمام بھلائیاں نصیب فرما۔ آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم "وَآخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔"

آزاد کشمیر میں عوامی ایکشن کمیٹی کی 9 جون کی ہڑتال (عبدالباسط علوی)

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

آزاد جموں و کشمیر برصغیر کی تقسیم اور 1949ء کی لائن آف کنٹرول کے بعد قائم ہونے والا ایک نیم خود مختار علاقہ ہے، نہ کہ پنجاب یا سندھ کی طرح کوئی صوبہ۔ اگرچہ اس کا اپنا صدر، وزیر اعظم، قانون ساز اسمبلی اور سپریم کورٹ موجود ہے، لیکن یہ دفاع، خارجہ پالیسی، کرنسی اور مالیاتی مدد کے لیے اب بھی مکمل طور پر پاکستان پر انحصار کرتا ہے۔ بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر، جو کہ دنیا کے سب سے زیادہ فوجی تعیناتی والے اور غیر مستحکم ترین خطوں میں سے ایک ہے، کے ساتھ حساس سرحد کی وجہ سے پاکستان آزاد کشمیر کو ایک تزویراتی اثاثہ اور اخلاقی ذمہ داری دونوں طرح سے دیکھتا ہے، اور معاشی بحران، مہنگائی، قرضوں اور بین الاقوامی مالیاتی دباؤ کے ادوار میں بھی گرانٹس، سبسڈیز، بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں اور ترقیاتی پیکجوں کی مد میں اربوں روپے فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ اس حمایت کے باوجود جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی 9 جون کی ہڑتال کی کال نے عوامی رائے کو شدید طور پر تقسیم کر دیا ہے۔ حامی اسے تاخیر کا شکار ترقیاتی منصوبوں، شفافیت کی کمی، مہنگائی اور صحت کی ناقص سہولیات کو اجاگر کرنے کی ایک جمہوری اور پرامن کوشش سمجھتے ہیں، جبکہ تاجروں، دکانداروں، ٹرانسپورٹرز، اساتذہ، ڈاکٹروں، طلبہ اور دیہاڑی دار مزدوروں سمیت ایک بہت بڑا طبقہ یہ مانتا ہے کہ ہڑتالیں بازار، اسکول، یونیورسٹیاں، ٹرانسپورٹ اور سرکاری دفاتر بند کر کے صرف عام لوگوں کی مشکلات میں اضافہ کرتی ہیں۔ نقاد اس بات کی نشان دہی کرتے ہیں کہ مزدور اپنی اجرت سے محروم ہو جاتے ہیں، کاروبار کو مالی نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، طلبہ کو تعلیمی خلل اور ذہنی تناؤ کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور مریضوں کے علاج میں تاخیر ہوتی ہے جس سے ان کی صحت مزید بگڑ جاتی ہے۔ بہت سے لوگ اس کے وقت پر بھی سوال اٹھا رہے ہیں کیونکہ پاکستان خود مہنگائی، ایندھن اور بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور آئی ایم ایف سے وابستہ ٹیکس اقدامات سے نبرد آزما ہے، جبکہ وہ اب بھی سالانہ ترقیاتی پروگرام اور کشمیر اکنامک پیکج جیسے پروگراموں کے ذریعے آزاد کشمیر کو رعایتی آٹا، ایندھن، بجلی اور ترقیاتی فنڈز فراہم کر رہا ہے۔ چونکہ اطلاعات کے مطابق آزاد کشمیر کو زیادہ تر صوبوں کے مقابلے میں فی کس زیادہ وفاقی فنڈز منتقل کیے جاتے ہیں، اس لیے مظفر آباد، میرپور، کوٹلی، باغ اور راولپنڈی کے بہت سے شہری اور تجزیہ کار اس ہڑتال کو خلل انگیز، آزاد کشمیر کے تشخص کے لیے نقصان دہ اور ممکنہ طور پر مستقبل کی وفاقی حمایت کے لیے نقصان دہ سمجھتے ہیں۔ نقاد مزید یہ دلیل دیتے ہیں کہ سیاسی اور معاشی مسائل پر جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی بار بار کی ہڑتالوں، احتجاجوں، دھرنوں اور سڑکوں کی ناکہ بندیوں نے بنیادی مسائل کو حل کرنے میں ناکامی کا سامنا کیا ہے اور اس کے بجائے عام شہریوں کو معاشی نقصانات برداشت کرنے پر مجبور کیا ہے جبکہ کمیٹی کی قیادت کامیابی کا دعویٰ کرتی ہے اور اپنی آمدنی، سیکیورٹی اور وسائل کے ساتھ آرام دہ زندگیوں کی طرف لوٹ جاتی ہے۔ عوام میں بڑھتی ہوئی مایوسی نے آزاد کشمیر کے بہت سے لوگوں کو ہڑتال کے کلچر کو مسترد کرنے اور بار بار کی بندشوں اور سڑکوں کی سیاست کے بجائے بات چیت، پرامن شمولیت اور طویل مدتی استحکام کا مطالبہ کرنے پر مجبور کیا ہے۔ اب حقیقی احتجاج، جیسے پرامن مظاہرے اور قانونی چارہ جوئی جو عوام کو نقصان پہنچانے سے گریز کرتی ہے اور دباؤ ڈالنے والے ہتھکنڈوں کے درمیان فرق واضح کیا جا رہا ہے جو حکومتی کارروائی پر مجبور کرنے کے لیے سڑکوں کی ناکہ بندی، ٹرانسپورٹ کی بندش اور بازاروں کی تالا بندی کے ذریعے جان بوجھ کر مشکلات پیدا کرتے ہیں۔ بہت سے لوگوں کو یہ خوف ہے کہ یہ چکر مزید عدم استحکام کو فروغ دیتا ہے کیونکہ حکومتیں مطالبات کے جائز ہونے کے بجائے محض معمول کی زندگی بحال کرنے کے لیے انہیں قبول کر سکتی ہیں۔ آزاد کشمیر کے نوجوانوں، خاص طور پر کالج اور یونیورسٹی کے طلبہ پر پڑنے والے اثرات کے بارے میں بھی شدید تحفظات پیدا ہو رہے ہیں جنہیں ریلیاں، پمفلٹس، سوشل میڈیا مہمات اور جذباتی تقریروں کے ذریعے متحرک کیا جاتا ہے۔ نقادوں کا ماننا ہے کہ کمیٹی ہر مسئلے کو ظلم یا سازش کے طور پر پیش کر کے ریاست، حکومت، پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور خود پاکستان کے خلاف دشمنی کو فروغ دیتی ہے، جس سے نوجوان غصے، مایوسی اور مظلومیت کے احساس سے بھر جاتے ہیں جسے سیاسی مقاصد کے لیے آسانی سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ نوجوان مظاہرین کو اکثر فرنٹ لائن پر رکھا جاتا ہے جہاں انہیں زخمی ہونے، گرفتاری یا موت کا خطرہ ہوتا ہے اور پھر ایسے واقعات کو مزید غصہ بھڑکانے اور اضافی حامیوں کو بھرتی کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ بہت سے لوگوں کو یہ خوف ہے کہ تصادم کا یہ کلچر آزاد کشمیر کے روایتی طور پر پرامن، معتدل اور پڑھے لکھے معاشرے کے لیے خطرہ ہے، جس نے معزز پیشہ ور افراد اور مضبوط تعلیمی ادارے پیدا کیے ہیں۔ وہ خبردار کرتے ہیں کہ اگر نوجوان تعلیم، مہارتوں اور کیریئر کے بجائے تعلیمی نقصان پہنچانے والے احتجاج پر توجہ مرکوز کرتے رہے تو وہ معاشرے کے مفید رکن بننے کے بجائے عدم استحکام کا آلہ کار بن سکتے ہیں۔ نقاد یہ دلیل بھی دیتے ہیں کہ جاری بدامنی سے پاکستان کے دشمنوں، خاص طور پر بھارت کو فائدہ پہنچتا ہے، جس کے بارے میں ان کا ماننا ہے کہ وہ آزاد کشمیر میں ہڑتالوں اور احتجاجوں کو اس خطے کو غیر مستحکم اور پاکستانی انتظامیہ سے غیر مطمئن ظاہر کرنے کے لیے پروپیگنڈے کے طور پر استعمال کرتا ہے۔ ان تمام خدشات کے پیشِ نظر، یہ کوئی حیران کن بات نہیں ہے کہ خود آزاد کشمیر کے عوام کی طرف سے 9 جون کی ہڑتال واپس لینے کا مطالبہ زور پکڑ رہا ہے۔ یہ مطالبہ حکومت یا کسی سیاسی جماعت کی طرف سے نہیں بلکہ عام شہریوں، سول سوسائٹی کی تنظیموں، ٹریڈ یونینز، تاجروں کی انجمنوں اور یہاں تک کہ بہت سے مذہبی رہنماؤں کی طرف سے آ رہا ہے۔ انہوں نے ہڑتال کی مخالفت کے اظہار کے لیے چھوٹے اجتماعات منعقد کیے ہیں، اخبارات کو خطوط لکھے ہیں، سوشل میڈیا پر پیغامات پوسٹ کیے ہیں اور مقامی ریڈیو اسٹیشنوں کا استعمال کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ وہ ہڑتالوں اور شٹ ڈاؤنز سے تنگ آ چکے ہیں اور وہ امن، معمولاتِ زندگی اور بغیر کسی خلل کے خوف کے اپنی روزمرہ کی زندگی گزارنے کی آزادی چاہتے ہیں۔ ان کا استدلال ہے کہ اگر جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کو کوئی حقیقی شکایات ہیں تو انہیں وہ شکایات حکومت کو تحریری طور پر پیش کرنی چاہئیں اور سنجیدہ مذاکرات کرنے چاہئیں۔ اگر حکومت جواب نہیں دیتی تو انہیں قانونی کارروائی کرنی چاہیے یا اپنے مسائل اٹھانے کے لیے پارلیمانی فورمز کا استعمال کرنا چاہیے، لیکن انہیں اپنے سیاسی ایجنڈے کے لیے پوری آبادی کو تکلیف میں مبتلا کرنے پر مجبور نہیں کرنا چاہیے۔ یہ پیغام روز بروز زیادہ سے زیادہ لوگوں کے دلوں میں اتر رہا ہے، اور اس بات کا قوی امکان ہے کہ اگر کمیٹی 9 جون کو ہڑتال پر اصرار کرتی ہے تو اسے عوام کی جانب سے بڑے پیمانے پر مزاحمت اور عدم تعاون کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آزاد کشمیر کے عوام نے برسوں سے بڑے صبر اور لچک کا مظاہرہ کیا ہے، لیکن اس صبر کی بھی حدود ہوتی ہیں اور وہ حدود اب ختم ہو چکی ہیں۔ آزاد کشمیر کے عوام حکومت سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ وہ نفرت، تقسیم اور پرتشدد احتجاج کی بڑھتی ہوئی ثقافت کو روکنے کے لیے ٹھوس اور واضح اقدامات کرے جسے جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی جیسے گروپ فروغ دے رہے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ حکومت تشدد پر اکسانے، سڑکیں بلاک کرنے، عوامی املاک کو نقصان پہنچانے یا معمول کی زندگی کو درہم برہم کرنے والے کسی بھی شخص کے خلاف قانون کا سختی سے نفاذ کرے۔ وہ چاہتے ہیں کہ حکومت تعلیمی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرے تاکہ طلبہ کو احتجاج کے پرامن اور قانونی طریقوں کے بارے میں سکھایا جا سکے اور نوجوانوں کو سیاسی گروپوں کے ہاتھوں استحصال سے بچایا جا سکے۔ وہ یہ بھی چاہتے ہیں کہ حکومت طرزِ حکمرانی، شفافیت اور خدمات کی فراہمی کو بہتر بنائے تاکہ دباؤ ڈالنے والے گروپوں کی طرف سے استعمال کیے جانے سے پہلے ہی حقیقی شکایات کا ازالہ کیا جا سکے۔ اگر حکومت اچھی گورننس فراہم کرے اور لوگوں کی بات سنے تو جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی جیسے گروپوں کے پاس ہڑتالوں کی کال دینے کا کوئی بہانہ نہیں رہے گا۔ لیکن اگر گورننس مثالی نہ بھی ہو، تب بھی آزاد کشمیر کے عوام نے واضح کر دیا ہے کہ وہ ہڑتالوں پر مذاکرات اور افراتفری پر امن کو ترجیح دیتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ان کے لیے کیا اچھا ہے اور کیا برا اور انہوں نے فیصلہ کر لیا ہے کہ ہڑتال کی یہ ثقافت بری ہے۔ اس لیے، وہ ایک آواز ہو کر کہہ رہے ہیں کہ 9 جون کی ہڑتال منسوخ ہونی چاہیے، جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کو اپنا انداز بدلنا چاہیے اور حکومت کو آنے والی نسلوں کے لیے آزاد جموں و کشمیر کے پرامن اور خوشحال مستقبل کے تحفظ کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھانے چاہئیں۔ آزاد جموں و کشمیر برصغیر کی تقسیم اور 1949ء کی لائن آف کنٹرول کے بعد قائم ہونے والا ایک نیم خود مختار علاقہ ہے نہ کہ پنجاب یا سندھ کی طرح کوئی صوبہ۔ اگرچہ اس کا اپنا صدر، وزیر اعظم، قانون ساز اسمبلی اور سپریم کورٹ موجود ہے، لیکن یہ دفاع، خارجہ پالیسی، کرنسی اور مالیاتی مدد کے لیے اب بھی مکمل طور پر پاکستان پر انحصار کرتا ہے۔ بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر، جو کہ دنیا کے سب سے زیادہ فوجی تعیناتی والے اور غیر مستحکم ترین خطوں میں سے ایک ہے، کے ساتھ حساس سرحد کی وجہ سے پاکستان آزاد کشمیر کو ایک تزویراتی اثاثہ اور اخلاقی ذمہ داری دونوں طرح سے دیکھتا ہے اور معاشی بحران، مہنگائی، قرضوں اور بین الاقوامی مالیاتی دباؤ کے ادوار میں بھی گرانٹس، سبسڈیز، بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں اور ترقیاتی پیکجوں کی مد میں اربوں روپے فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ اس حمایت کے باوجود جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی نو جون کی ہڑتال کی کال نے عوامی رائے کو شدید طور پر تقسیم کر دیا ہے۔ حامی اسے تاخیر کا شکار ترقیاتی منصوبوں، شفافیت کی کمی، مہنگائی اور صحت کی ناقص سہولیات کو اجاگر کرنے کی ایک

نئے اضلاع، نئی امیدیں: پنجاب میں انتظامی توسیع کی ضرورت، افادیت اور مستقبل

رائے شماری

پروفیسر رائے غلام رسول فہیم کھرل

03041648400

پنجاب پاکستان کا سب سے بڑا اور گنجان آباد صوبہ ہے جہاں آبادی میں مسلسل اضافہ، شہری پھیلاؤ، ترقیاتی ضروریات اور انتظامی پیچیدگیوں نے حکومتی ڈھانچے پر غیر معمولی دباؤ ڈال رکھا ہے۔ ایسے میں اگر حکومتِ پنجاب نے واقعی پتوکی، دیپالپور، حاصل پور اور ہارون آباد کو نئے اضلاع کی حیثیت دے دی ہے، جیسا کہ زیرِ گردش نوٹیفکیشن میں ظاہر کیا گیا ہے، تو یہ محض ایک انتظامی فیصلہ نہیں بلکہ گورننس، عوامی سہولت اور علاقائی ترقی کے ایک نئے باب کا آغاز ثابت ہو سکتا ہے۔ کسی بھی ملک یا صوبے کی مضبوطی کا انحصار صرف بڑے شہروں یا مرکزی انتظامی ڈھانچے پر نہیں ہوتا بلکہ اس بات پر ہوتا ہے کہ ریاست اپنے شہریوں تک کس حد تک آسانی، تیزی اور مؤثر انداز میں خدم

بقیہ نمبر 1 ☆.....☆

برآمدات پر مبنی ترقی کی راہ پر گامزن ہیں، یہی ہماری معاشی پالیسی کا محور ہے جب کہ غیر رسمی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں لایا جا رہا ہے۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ صنعت، زراعت اور آئی ٹی شعبوں میں ترقی سے معیشت کو مزید استحکام ملے گا اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ نوجوانوں کیلیے تکنیکی اور فنی تربیت کے پروگرام شروع کیے ہیں، اس پروگرام سے بھی روزگار ملنے میں آسانی ہوگی اور قومی ترقی میں بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔ انہوں نے مشکل معاشی حالات میں حکومت کا ساتھ دینے پر کاروباری برادری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حکومت اور نجی شعبے کی مضبوط شراکت داری ہی معاشی ترقی کی ضمانت ہے اور پاکستانی معیشت سے متعلق پالیسی سازی میں مشاورت انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ اس موقع پر کاروباری رہنماؤں نے وزیراعظم کی قیادت میں معاشی بحالی کے سفر اور بہتر مالیاتی انتظام پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکس اصلاحات اور کاروباری آسانیوں کے فروغ کے اقدامات کا خیر مقدم کیا اور ساتھ ہی ڈیجیٹل ادائیگیوں اور دستاویزی معیشت کے فروغ کے حکومتی وژن کو سراہا۔

بقیہ نمبر 2 ☆.....☆

رش بڑھ گیا اور لمبی لمبی قطار لگ گئیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ایرانی پیٹرول پر پابندی ہے اور ملکی پیٹرول کی عدم دستیابی نے پریشان کر دیا ہے، گھنٹوں لائن میں کھڑے رہنے کے بعد بھی پیٹرول نہیں مل رہا۔ صدر پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کا کہنا ہے کہ پیٹرول کی قلت کی وجہ عید کی تعطیلات کے باعث ملکی پیٹرولیم کمپنیوں کا اسٹاک پہنچنے میں تاخیر ہے۔

بقیہ نمبر 3 ☆.....☆

پنی سابقہ اہلیہ اور 14 سالہ بیٹی پر تیزاب پھینکا۔ تیزاب گرنے سے خاتون کا بازو اور جسم کے دیگر حصے جھلس گئے جبکہ کم سن بیٹی کا بازو بھی متاثر ہوا۔ حنا پرویز بٹ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق متاثرہ خاتون اور بچی کو ہر ممکن انصاف فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایسا حملہ سنگین جرم ہے اور اب کوئی ملزم قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکے گا۔

بقیہ نمبر 4 ☆.....☆

کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ اس ترقیاتی منصوبے کے تحت اسلام آباد کے سیکٹر جی فائیو ٹو میں رہائشی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ اس منصوبے کا مرکزی حصہ اضافی فیملی سوئٹس کی تعمیر ہے، جس میں 500 کے قریب سروٹ کوارٹرز بھی شامل کیے گئے ہیں تاکہ عوامی نمائندوں کی رہائشی ضروریات کو بہتر انداز میں پورا کیا جا سکے۔ منصوبے کی مجموعی لاگت کا تخمینہ 7 ارب 40 کروڑ روپے لگایا گیا ہے۔ حکومتی دستاویز میں واضح کیا گیا ہے کہ 30 جون 2026 تک اس منصوبے پر 2 ارب 29 کروڑ روپے کے اخراجات متوقع ہیں۔ یہ منصوبہ پارلیمنٹ لاجز کی موجودہ گنجائش میں خاطر خواہ اضافے کا باعث بنے گا۔ علاوہ ازیں موجودہ پارلیمنٹ لاجز سے ملحقہ اراکین کے لیے 104 فیملی سوئٹس پہلے ہی تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ ان سوئٹس کی تعمیر کا کام اپنے آخری مراحل میں ہے اور اس وقت وہاں فنشنگ کا کام تیزی سے جاری ہے، جس سے ممبران کو فوری رہائشی سہولت میسر ہوگی۔

بقیہ نمبر 5 ☆.....☆

مقابلے کے بعد گرفتار کر لیا۔ دو روز قبل ولایت علی کالونی میں گھر کے اندر میاں بیوی پر تیز دھار آلے اور پتھر سے حملہ کیا گیا تھا، جس کے نتیجے میں 45 سالہ فیروزہ زوجہ مرشد اور 50 سالہ مرشد ولد جلال خان شدید زخمی ہو گئے تھے۔ پولیس نے رات گئے کارروائی کے دوران ملزم سہیل عرف اسلم کو زخمی حالت میں جبکہ اکرم عرف لنگڑا کو بغیر زخمی کیے گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان عادی جرائم پیشہ ہیں اور ان کے خلاف ڈکیتی، اسلحہ اور موٹر سائیکل چوری کے مقدمات پہلے سے درج ہیں، جبکہ ان کے زیر استعمال برآمد ہونے والا موبائل فون اور موٹر سائیکل بھی اسلحے کے زور پر چھینی گئی تھی۔ تفتیش کے مطابق مضروبہ نے کچھ عرصہ قبل اپنا مکان ملزم اکرم کو کرائے پر دیا تھا، تاہم کرائے اور یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی پر دونوں فریقین کے درمیان تنازع چل رہا تھا، خاتون نے مکان خالی کروانے اور بقایا جات کی وصولی تک کرائے دار کا سامان گھر میں تالا لگا کر روک رکھا تھا، جس پر ملزم اکرم مشتعل ہو گیا اور اپنے بہنوئی سہیل عرف اسلم کے ساتھ مل کر میاں بیوی پر حملہ کر دیا۔ ملزمان نے تیز دھار آلے اور پتھر کے وار کر کے دونوں میاں بیوی کو تشدد کا نشانہ بنایا، جو تاحال زیر علاج ہیں، پولیس نے ملزمان کی نشاندہی پر جائے وقوعہ سے تشدد میں استعمال ہونے والا پتھر بھی برآمد کر لیا ہے۔ واقعے کا مقدمہ زخمیوں کے بیٹے محمد شکیل کی مدعیت میں تھانہ اقبال مارکیٹ میں درج ہے۔

بقیہ نمبر 6 ☆.....☆

ں میں سرمایہ کاری کو مزید 500 یونٹس کے ضرب سے بڑھایا جا سکے گا۔ سٹیٹ بینک کے مطابق پاکستانی روپے میں سرمایہ کاری کی کم از کم حد 10 ہزار روپے مقرر ہے، جس میں ایک ہزار روپے کے ضرب سے اضافہ کیا جا فہ کیا جا سکے گا۔ سرکلر میں بتایا گیا ہے کہ سعودی ریال میں نیا پاکستان سرٹیفکیٹس کی سرمایہ کاری کے لیے سعودی میشنل بینک اور سٹیٹ بینک آف پاکستان کے اکانٹ نمبرز استعمال ہوں گے، جبکہ یو اے ای درہم میں سرمایہ کاری کے لیے فرسٹ ابوظہبی بینک اور سٹیٹ بینک کے اکانٹ نمبرز استعمال کیے جائیں گے۔ سٹیٹ بینک کے مطابق سعودی ریال اور یو اے ای درہم میں جاری کیے جانے والے سرٹیفکیٹس پر منافع کی شرح یکساں رکھی گئی ہے، تین ماہ کی مدت کے لیے منافع کی شرح 50.6 فیصد جبکہ پانچ سالہ مدت کے لیے 50.7 فیصد مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 7 ☆.....☆

یران گزشتہ 47 برس سے جس طرز عمل پر عمل پیرا ہے، اسے مزید جاری رکھنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ حالات میں سفارتی حل اور معاہدہ ہی آگے بڑھنے کا بہترین راستہ ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کے تعطل سے متعلق خبروں کو بھی مسترد کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ بعض اطلاعات کے برعکس دونوں ممالک کے درمیان رابطے اور بات چیت مسلسل جاری ہے اور مذاکرات کا عمل رکا نہیں ہے۔ امریکی صدر کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان ہونے والی گفتگو مختلف معاملات پر جاری ہے، تاہم ابھی یہ کہنا قبل از وقت ہوگا کہ مذاکرات کا حتمی نتیجہ کیا نکلے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس وقت کوئی بھی یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتا کہ یہ مذاکرات کس سمت جائیں گے یا ان کا اختتام کس نوعیت کے معاہدے پر ہوگا، لیکن دونوں فریقوں کے درمیان رابطے برقرار ہیں۔ ٹرمپ کا بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب حالیہ ہفتوں میں امریکا اور ایران کے درمیان ممکنہ معاہدے، جوہری پروگرام، علاقائی کشیدگی اور اقتصادی پابندیوں کے حوالے سے مختلف قیاس آرائیاں جاری ہیں۔ عالمی مبصرین کی نظریں بھی دونوں ممالک کے درمیان جاری سفارتی رابطوں پر مرکوز ہیں کیونکہ کسی بھی ممکنہ پیش

رفت کے مشرق وسطیٰ اور عالمی سیاست پر اہم اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 8 ☆.....☆

کنٹرول برقرار رکھنے کے لیے نیا حکم جاری کر دیا گیا ہے۔ بدخشاں کے معدنی وسائل پر لڑائی اور عوامی بغاوت کے بعد امیر ہبت اللہ نے حالات کو کنٹرول کرنے کے لیے ایک سخت حکم نامہ جاری کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بدخشاں کے ناراض طالبان کمانڈروں اور حکام کے اثاثوں کی تفتیش کے لیے اعلیٰ سطح کا وفد مقرر کر دیا گیا ہے۔ طالبان کے سربراہ ملا ہبت اللہ کا حکم نہ ماننے والے مقامی کمانڈروں کو فوراً گرفتار کرنے کی دھمکی دی گئی ہے۔ ذرائع ابلاغ کی رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ بدخشاں میں جاری عوامی احتجاج اور بڑھتی ہوئی اندرونی بغاوت کو دبانے کے لیے خصوصی فوجی دستہ بھی تعینات کر دیا گیا ہے۔ قندھار گروپ نے بدخشاں گروپ کے ناراض طالبان رہنماؤں پر دباؤ ڈالنے کے لیے گرفتاریاں بھی شروع کر دی ہیں۔ اس دوران مقامی طالبان کمانڈر موسیٰ کاکے اور سابق مائنز ڈائریکٹر اسلام الدین کو گرفتار کر کے نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا۔ عالمی ماہرین کے مطابق بدخشاں میں جاری لڑائی افغان طالبان کے اندر گہرے ہوتے ہوئے نسلی اور سیاسی اختلافات کا واضح ثبوت ہے۔ طالبان رجیم کیخلاف ملک کے اندر اور باہر شروع ہونے والی نئی تحریکیں، ان کے مکمل کنٹرول اور عوامی حمایت کے جھوٹے دعووں کی پول کھول رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 9 ☆.....☆

چکے ہیں، جس کے نتیجے میں امریکا نے وفاقی امیگریشن نافذ کرنے کی مہم 'آپریشن چیک میٹ' کے تحت سخت کریک ڈاؤن کا آغاز کر دیا ہے۔ امریکی کسٹمز اینڈ بارڈر پروٹیکشن کے مطابق آپریشن چیک میٹ کے تحت گرفتار کیے گئے 36 ٹرک ڈرائیوروں میں سے کم از کم 30 بھارتی شہری تھے۔ خود بھارتی جریدے ٹائمز آف انڈیا کے مطابق امریکی حکام کا کہنا ہے کہ متعدد افراد کے پاس درست ڈرائیونگ لائسنس تک موجود نہیں تھے۔ تمام افراد کیخلاف امریکی قانون کے تحت کارروائی کر کے امریکا سے نکالنے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ یو ایس کسٹم کے قائم مقام چیف پٹرول ایجنٹ ڈسٹن کاڈل نے کہا ہے کہ غیر قانونی طور پر موجود بھارتی ڈرائیور عوامی سلامتی کے لیے سنگین خطرات کا باعث بن سکتے ہیں۔ سعودی عرب، کینیڈا اور امریکا سمیت بیشتر ممالک جعلی دستاویزات اور فراڈ سمیت متعدد وجوہات کی بنیاد پر بڑی تعداد میں بھارتی شہریوں کو ملک بدر کر چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 10 ☆.....☆

بینک کی جانب سے پاکستان کی ترقی اور اصلاحاتی ترجیحات میں مسلسل تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشی استحکام کی جانب پیش رفت کے بعد حکومت کی توجہ صحت، تعلیم، ہنرمندی اور سماجی تحفظ کے شعبوں میں بہتری پر مرکوز ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نوجوان آبادی ملک کی بڑی طاقت ہے، جسے جدید دور کے تقاضوں کے مطابق مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیر خزانہ نے اس بات پر زور دیا کہ پائیدار معاشی ترقی، مسابقتی صلاحیت میں اضافہ اور روزگار کے بہتر مواقع پیدا کرنے کیلئے انسانی وسائل میں سرمایہ کاری ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں بدلتی ہوئی عالمی منڈی کے مطابق تیار کرنا حکومتی اقتصادی تبدیلی کے ایجنڈے کا اہم حصہ ہے۔ عالمی بینک کی نائب صدر ممتاز مفتی نے کہا کہ بچوں کی غذائی قلت، نشوونما میں رکاوٹ، معیاری تعلیم اور صحت کی بہتر سہولیات تک رسائی جیسے شعبوں میں پیش رفت طویل المدتی ترقی کیلئے انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ بینک پاکستان میں خدمات کی موثر فراہمی اور قابلِ پیمائش نتائج کے حصول کیلئے تعاون جاری رکھے گا ملاقات میں ماں اور بچے کی صحت، غذائیت، حفاظتی ٹیکہ جات، ابتدائی تعلیم، آبادی سے متعلق چیلنجز، بنیادی صحت کے نظام کی مضبوطی اور ضروری طبی سہولیات کی فراہمی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ فریقین نے مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے صحت، تعلیم اور افرادی قوت کی ترقی کے امکانات پر بھی گفتگو کی عالمی بینک وفد نے فنی و پیشہ ورانہ تربیت، ہنرمندی کے فروغ اور روزگار سے منسلک پروگراموں کے عالمی تجربات سے آگاہ کیا جبکہ جاپان میں رواں سال منعقد ہونے والے یونیورسل ہیلتھ کوریج سے متعلق عالمی فورم میں شرکت کیلئے پاکستان کو دعوت بھی دی گئی۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں جانب سے صحت، تعلیم، سماجی تحفظ، افرادی قوت کی ترقی اور ٹیکنالوجی کے ذریعے خدمات کی فراہمی کے شعبوں میں تعاون مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 11 ☆.....☆

پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق صوبائی وزیر داخلہ منظور وسان نے سابق ایڈیشنل آئی جی غلام شبیر شیخ کو 50 کروڑ روپے ہرجانے کا قانونی نوٹس بھیج دیا ہے۔ یہ نوٹس منظور وسان پر سوشل میڈیا انٹرویو کے دوران لگائے گئے رشوت ستانی کے الزامات پر بیرسٹر مصطفیٰ مہیسر کے توسط سے ارسال کیا گیا ہے۔ قانونی نوٹس میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ بطور وزیر داخلہ سندھ رشوت لینے کے تمام الزامات من گھڑت، بے بنیاد اور حقیقت سے دور ہیں۔ ان جھوٹے الزامات کے ذریعے منظور وسان کی نصف صدی پر محیط سیاسی جدوجہد، ساکھ اور عوامی وقار کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچانے کی دانستہ کوشش کی گئی ہے۔ سابق ایڈیشنل آئی جی غلام شبیر شیخ سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ ان من گھڑت الزامات پر فوری طور پر علانیہ معافی مانگیں۔ نوٹس میں واضح کیا گیا ہے کہ اگر 14 روز کے اندر معذرت نہ کی گئی تو پیکا اور ہتکِ عزت کے قوانین کے تحت باقاعدہ قانونی کارروائی اور مقدمات کا آغاز کیا جائے گا۔ منظور وسان کے وکیل کے مطابق سوشل میڈیا پر پھیلا انٹرویو محض کردار کشی پر مبنی ہے جس کا کوئی قانونی یا اخلاقی جواز نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 12 ☆.....☆

پابندیوں کے حوالے سے ایک انتہائی اہم اور بڑا فیصلہ سناتے ہوئے واضح کیا ہے کہ محض ویزا اور اسٹے کی بنیاد پر کسی دوسرے ملک سے ڈی پورٹ ہونا، کسی شہری پر سفری پابندی لگانے کا جواز نہیں بن سکتا۔ عدالت نے دوسرے ملک سے اوور اسٹے پر ڈی پورٹ ہونے والے شہریوں کے نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں ڈالنے کے عمل کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے متاثرہ شہری کا نام فوری طور پر لسٹ سے نکالنے کا حکم دے دیا ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے معزز جج جسٹس محمد آصف نے اس کیس کا 4 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا ہے، جس میں شہریوں کے بنیادی آئینی حقوق کی بالادستی کو برقرار رکھا گیا ہے۔ وفاقی حکومت نے عدالت میں مؤقف اختیار کیا تھا کہ مذکورہ شہری ایک خلیجی ملک میں اوور اسٹے کی وجہ سے ڈی پورٹ ہوا تھا۔ حکومت کے مطابق، پالیسی کے تحت دوسرے شہریوں کے ویزوں کے تحفظ اور ملک کے وقار کو برقرار رکھنے کے لیے ایسے افراد کا نام پاسپورٹ کنٹرول لسٹ میں ڈالا جاتا ہے۔ عدالت نے

حکومت کے مؤقف کو مسترد کرتے ہوئے فیصلے میں تحریر کیا کہ کسی بھی شہری پر سفری پابندی عائد کرنے کے لیے کسی جرم، سیکیورٹی خدشے یا ناقابلِ تردید ثبوت کا ہونا ضروری ہے۔ عدالت نے واضح کیا کہ کسی جرم کے بغیر کسی شہری کے بیرون ملک سفر اور روزگار کے آئینی حق پر پابندی لگانے کا کوئی قانونی جواز نہیں ہے، شہری کا نام سفری پابندی کی لسٹ میں برقرار رکھنا آئین کے بنیادی حقوق اور قانونی تقاضوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔

بقیہ نمبر 13 ☆.....☆

کے 10 فی صد پر لیے جاتے ہیں۔ اینکر محمد مالک کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وفاقی وزیر توانائی نے کہا ہمارے بل کی فکس کاسٹ پورے سال میں ایک ہی ہوتی ہے، جن مہینوں میں زیادہ یونٹ استعمال کرتے ہیں تو فکس کاسٹ کم ہوتی ہے، ہم پہلے 3 سے 4 فی صد بل کی فکس کاسٹ لیا کرتے تھے، اس وقت بل پر 10 فی صد فکسڈ کاسٹ ہے۔ اویس لغاری نے 200 یونٹ سے کم والے پروٹیکٹڈ کنزیومر کی انرجی کاسٹ 31 فی صد کم ہوئی ہے، جن مہینوں میں کنزمپشن کم ہوگی تو فکسڈ کاسٹ زیادہ لگے گی، جن مہینوں میں زیادہ یونٹ استعمال کریں گے فکسڈ کاسٹ بہت نیچے جاتی ہے، فکسڈ کاسٹ جو پہلے 4 فی صد تک ہوتی تھی اب دوگنی ہو گئی ہے۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ گھریلو صارفین کے لیے بجلی کے نرخوں میں کمی آئی ہے، سہ سڈی ملتی رہے گی تو 5 سے 6 روپے یونٹ بجلی سستی ہوتی رہے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا ویریبل پر یونٹ کاسٹ کو تقسیم کریں تو بجلی کا بل کم ہوا ہے، سردیوں میں فکسڈ کاسٹ زیادہ محسوس ہوتی ہے لیکن گرمیوں میں ایسا نہیں ہوتا، جولائی 2025 سے لے کر اب تک 8 سے 9 فی صد بجلی کنزمپشن بڑھی ہے، گزشتہ 9 سے 10 ماہ میں بجلی کی کنزمپشن تقریباً 7 سے 9 فی صد بڑھی ہے، نیپرا کی ویب سائٹ پر اس کی معلومات دیکھی جا سکتی ہیں۔ وفاقی وزیر کے اعتراف سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ حکومت فی یونٹ نرخوں میں کمی کو نمایاں کر رہی ہے جب کہ مستقل چارجز کے اضافے سے صارفین پر پڑنے والے حقیقی اثرات کو جان بوجھ کر نظر انداز کر رہی ہے۔ حکومت فارمولے سے فکسڈ چارجز کا بوجھ کم بجلی استعمال کرنے والوں پر زیادہ منتقل ہو گیا ہے، یعنی حکومت کی جانب سے پہلے کم بجلی کے استعمال کی ترغیب دی جا رہی تھی اور اب کم استعمال پر بھی فکسڈ چارجز کی صورت میں "سزا" دی جانے لگی ہے۔ وفاقی وزیر خود کہہ رہے ہیں کہ جن مہینوں میں کنزمپشن کم ہوگی تو فکسڈ کاسٹ زیادہ لگے گی، اس کا مطلب ہے کہ غریب یا کم آمدنی والے گھرانے، چھوٹے گھریلو صارفین اس سے نسبتاً زیادہ متاثر ہوں گے، متغیر چارجز سے مستقل چارجز پر بجلی نظام کی یہ منتقلی موجودہ حکومت کی جانب سے عوام دشمنی کا کھلا ثبوت ہے۔

بقیہ نمبر 14 ☆.....☆

خبر میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستانی اتنی بجلی استعمال نہیں کرتے جتنی بھارتی عوام کرتے ہیں، انہوں نے بتایا کہ پاکستانی عوام اب بجلی کے یونٹس 200 سے اوپر جانے سے بچانے کے لیے کپڑوں پر استری تک کم کر چکے ہیں، جبکہ کئی گھرانوں نے فریج کا استعمال بھی محدود کر دیا ہے تاکہ اضافی بجلی بلوں سے بچا جا سکے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت یہ دعویٰ کر رہی ہے کہ بجلی کی قیمتیں کم ہوئی ہیں، تاہم صارفین کو بجلی کے بلوں میں واضح ریلیف نظر نہیں آ رہا، اگر واقعی بجلی سستی ہوئی ہوتی تو حکومت عوام کو واضح اعداد و شمار کے ساتھ بتاتی کہ 400 یا 500 یونٹس استعمال کرنے والے صارفین کے بلوں میں کتنی کمی آئی ہے لیکن ایسی کوئی تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ مفتاح اسماعیل کا کہنا تھا کہ حکومت نے آئی پی پیز (بجلی گھروں) کے ساتھ معاہدوں پر دوبارہ مذاکرات کیے، جس کے نتیجے میں تقریباً 81 پیسے فی یونٹ کمی کی بات کی گئی تھی تاہم یہ کمی عملی طور پر گھریلو صارفین کے بلوں میں نظر نہیں آئی۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے بلوں میں وقتی کمی کی ایک وجہ فیول ایڈجسٹمنٹ بھی ہوتی ہے، کیونکہ عالمی سطح پر ایندھن کی قیمتیں کم ہونے پر چند پیسے فی یونٹ ریلیف مل جاتا ہے۔ مثال کے طور پر حالیہ مہینے میں فیول چارجز کی مد میں تقریباً 10 پیسے فی یونٹ کمی ہوئی، مگر بنیادی ٹیرف میں خاطر خواہ کمی نہیں کی گئی۔ ماہرین کے مطابق دو سال قبل سرکلر ڈیٹ کی ری اسٹرکچرنگ کے بعد ہر گھریلو، صنعتی اور کمرشل صارف کے بجلی بل پر 3 روپے 23 پیسے فی یونٹ اضافی بوجھ بھی ڈالا گیا جو آج تک صارفین ادا کر رہے ہیں۔ گفتگو کے دوران ایک 212 یونٹس والے بجلی بل کی مثال دیتے ہوئے کہا گیا کہ صارف سے کم از کم 34 روپے فی یونٹ کے حساب سے رقم وصول کی جا رہی ہے، جس کے باعث متوسط اور غریب طبقہ شدید مالی دباؤ کا شکار ہے۔

بقیہ نمبر 15 ☆.....☆

جس کے تحت ابتدائی جرائم پر 3 سے 5 سال تک قید دی جا سکے گی جبکہ بار بار جرم کرنے والوں کے لیے سزا بڑھا کر 7 سال قید اور 20 لاکھ روپے تک جرمانہ مقرر کیا گیا ہے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مزید اختیارات دیتے ہوئے بینک اکاؤنٹس منجمد کرنے اور شناختی کارڈ بلاک کرنے کی اجازت بھی شامل کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ پولیس کو جدید الیکٹرانک نگرانی اور سرویلنس کے اختیارات فراہم کیے جائیں گے۔ مجوزہ قانون میں ہوائی فائرنگ، اسلحہ کی نمائش، قبضہ مافیا کی سرگرمیاں، سائبر کرائم اور ہراسگی کو بھی باقاعدہ طور پر قابلِ سزا جرائم میں شامل کیا گیا ہے۔ صوبائی کابینہ نے اس قانون کی منظوری دے دی ہے اور توقع ہے کہ اسے جلد پنجاب اسمبلی میں پیش کر دیا جائے گا، جہاں منظوری کے بعد اس کا باقاعدہ نفاذ عمل میں آئے گا۔ حکام کے مطابق اس قانون کا مقصد معاشرے میں امن و امان کو بہتر بنانا اور پیشہ ور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 16 ☆.....☆

نتیجہ سامنے آنے لگا، جہاں بھارت میں نوجوانوں کی تحریک بے قابو ہونے کا اندیشہ بڑھ گیا ہے۔ بھارتی نوجوانوں نے مودی سرکار کو چیلنج کرتے ہوئے کا کروچ پارٹی کی جانب سے نئی دہلی میں احتجاج کی کال دے دی گئی ہے۔ خدشہ ہے کہ پارٹی آہستہ آہستہ زور پکڑتی جائے گی کیونکہ بھارت کے اندر بے تحاشا تضادات اور گروہ بندی پائی جاتی ہے۔ بھارت میں مودی سرکار نے ان گروہ بندیوں کو کم کرنے کے بجائے ان کو مزید مذہبی بنیادوں پر ہوا دے دی ہے، جہاں نوجوان جونسلی، ذات اور مذہب کی بنیاد پر دھتکارے جا چکے ہیں، انہیں بھارت میں اپنا مستقبل تاریک نظر آتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کا کروچ پارٹی بے حد مقبول ہوتی جا رہی ہے۔ نیپال اور بنگلادیش کے بعد بھارت میں کا کروچ پارٹی کی جین زی انقلابی تحریک زور پکڑنے لگی ہے۔ عالمی جریدے رائٹرز کے مطابق کا کروچ جنتا پارٹی کے بانی ابھیجیت دِپکے نے کہا ہے کہ ہم اس تحریک سے پیچھے نہیں ہٹیں گے اور میں جلد بھارت آ کر اس تحریک کو آگے بڑھاؤں گا۔ ابھیجیت دِپکے کا کہنا ہے کہ خدشہ ہے کہ مجھے ایئرپورٹ سے ہی گرفتار کر کے جیل بھیج دیا جائے گا لیکن مجھے کوئی پروا

نہیں ہے۔ رائٹرز کے مطابق بے روزگاری، کرپشن اور پیپر لیک نے کروڑوں طلبہ کی زندگیوں کو مذاق بنا دیا، یہی بحران اس تحریک کے اصل محرکات ہیں۔ سینئر وکیل پرشانت بھوشن کے مطابق مودی سرکار بھارت میں کسی بھی جین زی انقلاب سے بہت ڈری ہوئی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ بھارت میں بڑھتی بے روزگاری اور کرپشن پر نوجوانوں کا غصہ تباہ حال نظام کے خلاف ان کا حقیقی ردِعمل ہے۔ بھارت کی گرتی ہوئی معاشی صورتحال، گرتی ساکھ اور مودی سرکار کی انتہا پسندانہ پالیسیاں عوامی غم و غصے کی بنیاد بن رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 17 ☆.....☆

میں ہونے والی چوری کی واردات کا سراغ لگا لیا۔ پولیس کے مطابق چوری کی اس واردات میں 45 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا نقصان ہوا تھا جس میں 9 تولے طلائی زیورات اور 11 لاکھ روپے نقدی شامل تھی۔ تحقیقات کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ مدعی مقدمہ کی اہلیہ کا بھتیجا جو ان کے ساتھ ہی رہائش پذیر تھا اپنے ایک دوست کے ساتھ مل کر اس واردات میں ملوث تھا۔ ویسٹریج پولیس نے جدید ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلیجنس ذرائع استعمال کرتے ہوئے دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا اور ان کے قبضے سے چوری شدہ طلائی زیورات اور نقدی برآمد کر لی۔ سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر ایس پی پوٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے برآمد شدہ مال مدعی مقدمہ کے حوالے کیا۔ اس موقع پر مدعی نے راولپنڈی پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے افسران کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 18 ☆.....☆

ایک افسوسناک فائرنگ کے واقعے میں ایک شخص نے اپنے ہی خاندان کے 6 افراد کو قتل کرنے کے بعد خودکشی کر لی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق یہ واقعہ پیر کے روز مشرقی آئیووا کے شہر مسکیٹین میں پیش آیا، جو دریائے مسیسپی کے کنارے واقع ہے۔ پولیس کے ابتدائی بیان کے مطابق واقعے کی تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ فائرنگ کا تعلق ایک گھریلو یا خاندانی تنازع سے تھا، تاہم حکام نے ابھی تک تنازع کی نوعیت یا اس کے پس منظر کے بارے میں مزید تفصیلات جاری نہیں کیں۔ پولیس کو دوپہر کے وقت فائرنگ کی اطلاع موصول ہوئی، جس کے بعد ہلکار جائے وقوعہ پر پہنچے تو ایک گھر کے اندر چار افراد کی لاشیں ملیں، جنہیں گولیاں مار کر قتل کیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق مشتبہ ملزم موقع سے فرار ہو چکا تھا، تاہم جلد ہی اس کی شناخت 52 سالہ ریان ولیس میک فارلینڈ کے نام سے کر لی گئی، جو مسکیٹین کا رہائشی تھا۔ بعد ازاں پولیس نے ملزم کو شہر کے دریا کنارے واقع پیدل چلنے کے راستے کے قریب تلاش کر لیا۔ پولیس چیف انتھونی کیز کے مطابق جب افسران اس سے بات چیت کر رہے تھے تو اس نے خود کو گولی مار کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ واقعے میں مجموعی طور پر سات افراد ہلاک ہوئے، جن میں چھ خاندان کے افراد اور خود ملزم شامل ہے۔ پولیس نے مزید کہا کہ واقعے کی مکمل تحقیقات جاری ہیں اور تمام حقائق سامنے آنے کے بعد مزید معلومات فراہم کی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 19 ☆.....☆

کوئین' انمول عرف پنکی اور اس کے سہولت کاروں کے خلاف منشیات کیس میں اہم ترین دستاویزی ثبوت سامنے آ گئے ہیں۔ پولیس نے ملزمہ کے سہولت کاروں کے بینک اکاؤنٹس کی سنسنی خیز تفصیلات عدالت میں جمع کرا دی ہیں، جس کی تفصیلی رپورٹ اے آر وائی نیوز نے حاصل کر لی ہے۔ عدالت میں پیش کی گئی رپورٹ میں کہا گیا کیا منشیات کی تمام رقوم کی منتقلی اور لین دین دو اہم سہولت کاروں 'ذیشان' اور 'سہیل' کے ذریعے کی جاتی تھی، ملزم ذیشان کے 3 مختلف بینکوں میں 5 اکاؤنٹس فعال تھے جبکہ دوسرے سہولت کار سہیل کے 2 مختلف بینکوں میں 2 اکاؤنٹس موجود تھے۔ یہ بینک اکاؤنٹس ذیشان اور سہیل خود آپریٹ کرتے تھے اور ان اکاؤنٹس میں وہ تمام تفصیلات اور ریکارڈ موجود ہے کہ منشیات کی رقم کہاں کہاں سے آتی تھی اور کس کو منتقل کی جاتی تھی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ان بینک اکاؤنٹس کے ڈیٹا سے منشیات کے اس بڑے گینگ کے پورے نیٹ ورک، خریداروں اور دیگر سہولت کاروں کو بے نقاب کرنے میں مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 20 ☆.....☆

کی نئی رپورٹ جاری کر دی ہے، جس کے مطابق پاکستان میں مجموعی کاروباری اعتماد 22 فیصد سے کم ہو کر 13 فیصد رہ گیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ سرمایہ کاری، سپلائی چین پر مشرقِ وسطیٰ کی جنگ کے اثرات، بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بھاری ٹیکسز اس کمی کی بنیادی وجوہات ہیں۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ ملکی معیشت اور سیاسی غیر یقینی صورتحال کے باعث 70 سے 80 فیصد کاروباروں نے اپنے سرمایہ کاری کے فیصلے یا تو مؤخر کر دیے ہیں یا انہیں تبدیل کر دیا ہے۔ اس صورتحال کی وجہ سے ملک میں نئی سرمایہ کاری کا اشاریہ 10 پوائنٹس گر کر صرف 2 فیصد پر آ گیا ہے۔ رپورٹ میں 84 فیصد کاروباری اداروں نے مہنگائی کو ملک کا سب سے بڑا خطرہ قرار دیا ہے، جبکہ 79 فیصد کے نزدیک بھاری ٹیکسز کاروباری ترقی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں، اس کے علاوہ 61 فیصد کاروبار ملکی کرنسی (روپے) کے استحکام اور حکومتی پالیسیوں پر تشویش کا شکار ہیں۔ سب سے بڑی گراوٹ سروسز سیکٹر میں دیکھی گئی جہاں کاروباری اعتماد 20 پوائنٹس کم ہوا، جبکہ مینوفیکچرنگ سیکٹر کا اعتماد بھی 7 پوائنٹس نیچے آیا ہے۔ رپورٹ میں کہنا تھا کہ اس مایوس کن صورتحال میں ریٹیل سیکٹر واحد شعبہ ہے جس کا کاروباری اعتماد 20 فیصد تک بہتر ہوا ہے۔ اسی طرح عام کاروبار کے برعکس کی ممبر (غیر ملکی) کمپنیوں کا اعتماد 28 فی

سعید احمد میمن کی بازیابی کے لیے سندھ بھر میں احتجاجی مظاہرے

سندھ میمن اتحاد کا مغوی سعید میمن کی فوری رہائی کا مطالبہ

کراچی (ظہیر احمد میمن) میمن برادری سے تعلق رکھنے والے محکمہ ایکسائیز کے سابق ڈائریکٹر علم وادب سے چاہر رکھنے والی شخصیت سعید احمد میمن کی بلوچستان کی حدود سے اغوا ہونے پر سندھ بھر میں غم وغصے کی لہر چھا گئی ہے سندھ بھر میں احتجاجی مظاہرے کی※ جارہے ہیں مختلف احتجاجی مظاہرین سے سندھ میمن اتحاد کے رہنماؤں ضمیر حسین میمن ایڈوکیٹ اسداللہ میمن ظہیر احمد میمن

عبدالحفیظ میمن حاجی عبدالعزیز میمن شعیب بن موسا ذاکر میمن ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے※ سندھ اور بلوچستان حکومتوں سے مطالبہ کیا ہے کہ سعید میمن کو فوری بازیاب کرایا جا※ دوسری جانب سندھ میمن اتحاد کی مرکزی قیادت سجاد امداد میمن سردار ایاز میمن اویس گل میمن طارق میمن ودیگر نے متنبہ کیا ہے کہ اگر سعید احمد میمن کو فوری بازیاب کرا کے ان کی فیملی کے حوالے نہ کیا گیا تو بھرپور احتجاج کیا جائیگا انہوں نے کہا کہ ان کے ورثاء سخت پریشانی کے عالم میں ہیں ان کی پریشانی کو فوری دور کیا جا※

مسلم لیگ (ق) بحریہ ٹاؤن لاہور کی تنظیم سازی اور عوامی مسائل پر مشاورت

رہنماؤں کا بجٹ 2026 میں مہنگائی کم کرنے اور عوامی ریلیف کا مطالبہ

پریس ریلیز: گزشتہ روز پاکستان مسلم لیگ (ق) بحریہ ٹاؤن لاہور کے صدر جناب رانا افضل صاحب کی حالیہ نامزد جنرل سیکرٹری بحریہ ٹاؤن لاہور پاکستان مسلم لیگ (ق) جناب شیراز احمد خاں صاحب سے بحریہ ٹاؤن لاہور اپنے آفس میں ملاقات کی اور شیراز احمد خاں کو جنرل سیکرٹری بحریہ ٹاؤن بننے پر مبارکباد بھی پیش کی اور پاکستان مسلم لیگ (ق) میں شامل ہونے پر سیاسی کیریئر کے پہلوں کا اظہار خیال کیا۔ اس کے علاوہ دونوں سیاسی رہنماؤں نے مشترکہ طور پر پارٹی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا اور اپنے حلقہ این اے 125 اور پی پی

166، پی پی 167 کے اندر تنظیم سازی اور عوامی مسائل کو حل کرنے کے لیے لائحہ عمل پر غور کیا۔ اس کے علاوہ موجودہ حکومت سے اپیل کی ہے کہ رواں سال کا آنے والا مالی بجٹ 2026 میں عوامی سہولیات کا خاص خیال رکھا جائے۔ پیٹرولیم مصنوعات، بجلی کی قیمتوں میں خاص طور پر کمی کی جائے۔ مہنگائی کی شرح کو کنٹرول کیا جائے۔ پراپرٹی کے کاروباری حضرات دیگر تاجر برادری کے لیے خاص بجٹ بنایا جائے۔ ٹیکس نیٹ ورک نظام میں نرمی کی جائے تاکہ مارکیٹ میں مثبت اثرات مرتب ہوں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ حکومت آئندہ مالی رواں سال بجٹ 2026 میں ان تمام شعبہ جات میں بہتر بجٹ لائے گی، ٹیکسٹائل انڈسٹری، ایگریکلچر، تعلیمی نظام، طبی ادویات میڈیکل ہیلتھ سیکٹر، امپورٹ اور ایکسپورٹ شامل ہیں۔

ریلوے اسٹیشن نارووال میں شعری نشست، شعراء نے خوب داد سمیٹی

شاعری محبت اور سماجی ہم آہنگی کا ذریعہ ہے، مقررین کا خطاب

نارووال (محمد ندیم خالق) ریلوے اسٹیشن کی کھلی فضاؤں میں شعراء کی ادبی بیٹھک۔ شعراء کی پختہ شاعری نے ایسے خوبصورت رنگ بکھیرے کہ ہوا اور فضا مہک اٹھی۔ ادبی بیٹھک کی صدارت صوفی شاعر شہباز دانش نے کی نقابت کے فرائض بلبل گلشن ادب شاہد رشید نے انجام دیئے جبکہ مہمانان خاص میں محمد ندیم خالق رضا نقشبندی اور بشپ آر ایم سیلاس گل تھے دیگر شعرائے کرام میں حکیم مقبول الفت۔ عثمان مغل۔ مقبول عاجز۔ شیخ حسنین رضا ودیگر نے اپنے

نارووال۔ ریلوے اسٹیشن پر یاروں دوست کی ادبی بیٹھک میں شہباز دانش۔ حکیم مقبول الفت۔ شاہد رشید۔ ندیم خالق۔ بشپ آر ایم سیلاس گل۔ عثمان مغل ودیگر اپنا اپنا کلام پیش کر رہے ہیں

اپنے مخصوص انداز میں اپنا اپنا کلام پیش کیا۔ اس موقع پر صوفی شہباز دانش نے کہا کہ شاعر کا کلام دلوں میں محبت ڈالتا ہے فاصلے کم اور قربتیں پیدا کرتا ہے۔ محمد ندیم خالق رضا نقشبندی نے کہا کہ شاعر کا ہاتھ معاشرہ کی نبض پر ہوتا ہے شاعری دلوں کو جوڑتی اور ضمیروں کو جھنجوڑتی ہے۔ اس موقع پر صوفی اللہ رکھا۔ محمد یوسف انصاری۔ سنتفس سیلاس گل۔ عامر محمود ملک۔ محمد عظیم نقشبندی ودیگر بھی موجود تھے۔

قصور میں مسلح ڈاکوؤں کی سپیئر پارٹس دکان اور شہریوں سے لاکھوں کی لوٹ مار

اسلحہ کے زور پر نقدی اور موبائل فون چھیننے والے ڈاکو فرار

قصور اسلحہ بردار ڈاکوؤں کی سپیئر پارٹس کی دکان اور شہریوں سے لاکھوں روپے کی لوٹ مار قصور (چوہدری محمد احمد سے) قصور کے تھانہ صدر قصور کے علاقے دیپالپور روڈ پر واقع ایک سپیئر پارٹس کی دکان اور قریبی شہریوں سے نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر لاکھوں روپے نقدی، موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا۔ درخواست گزار کمال چشتی کے مطابق وہ 31 مئی 2026 کو شام تقریباً 5 بجے اپنی مزدا سپیئر پارٹس کی دکان پر موجود تھا کہ تین نامعلوم مسلح ملزمان اچانک وہاں پہنچ گئے۔ ملزمان نے پہلے ہمسایہ دکاندار علی حیدر

سے 28 ہزار روپے اور ناصر سے 10 ہزار روپے نقدی چھین لی۔ بعدازاں ایک گاہک احمد علی سے 3 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون بھی چھین لیا۔ درخواست کے مطابق ملزمان بعد ازاں سپیئر پارٹس کی دکان میں داخل ہوئے اور اسلحہ کے زور پر دکان کے گلے سے 3 لاکھ 75 ہزار روپے نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے۔ ملزمان فرار ہوتے وقت بنگلہ کیواں کی جانب روانہ ہوئے۔ متاثرین کے مطابق ملزمان کی عمریں تقریباً 28 سے 30 سال کے درمیان تھیں جبکہ انہیں سامنے آنے پر شناخت کیا جا سکتا ہے۔ درخواست گزار نے پولیس سے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی فوری گرفتاری اور لوٹا گیا مال برآمد کرنے کا مطالبہ کیا ہے

چوہدری بشیر احمد کے ایصالِ ثواب کے لیے دسویں شریف کی محفل منعقد

والدین کی خدمت دنیا و آخرت کی کامیابی کی ضمانت ہے، علماء کا خطاب

نارووال (محمد ندیم خالق) تحصیل صدر مغل فاؤنڈیشن ظفروال شرافت علی مغل کی کیمرہ مین ظہیر احمد طور۔ چوہدری رشید احمد نمبردار چیئرمین مصالحتی کونسل۔ چوہدری نعیم اختر ایڈووکیٹ سابقہ صدر تحصیل بار ظفروال اور چوہدری صدیق بھٹلی سابق وزیر ریاست جموں وکشمیر کے ساتھ سوہنی گرینڈ پیلس ظفروال میں چوہدری بشیر احمد کے دسویں شریف کے ختم پاک میں خصوصی شرکت کی شرافت علی مغل نے سوہنی گرینڈ پیلس ظفروال کے اونر چوہدری منیر احمد۔ چوہدری امانت علی۔ چوہدری بشارت علی۔ چوہدری نصیر احمد کے والد محترم اور اویس صغیر۔ محمد شہزاد کے تایا جان چوہدری بشیر احمد کے دسویں شریف کی محفل پاک کا سوہنی گرینڈ پیلس میں انعقاد۔ جس میں دور ونزدیک سے عزیز و اقارب مہمان ذی وقار اور اہل علاقہ کے علاوہ تحصیل صدر مغل فاؤنڈیشن ظفروال شرافت علی مغل۔ چوہدری رشید احمد نمبردار چیئرمین مصالحتی کونسل۔ چوہدری صدیق بھٹلی سابقہ وزیر آزاد جموں کشمیر۔ چوہدری نعیم اختر ایڈووکیٹ سابق صدر تحصیل بار ظفروال۔ اور کیمرہ مین ظہیر احمد طور نے خصوصی شرکت کی۔ ختم پاک کی محفل کا آغاز تلاوت و حمد ونعت سے ہوا نعت شریف کا تحفہ ابوبکر قادری نے پیش کیا اور خصوصی خطاب قاری شہزاد احمد اور مولانا قاری قمر المصطفے مانگوی نے کیا قاری قمر المصطفے مانگوی نے بہت ہی خوبصورت اور پیارے انداز میں حقوق والدین اور عظمت ماں

باپ پر روشنی ڈالی اور کہا کہ ماں کے پیروں تلے جنت ہے تو باپ کی عظمت بھی کم نہیں اللہ پاک نے باپ کو جنت کے دروازے کا درجہ دے دیا۔ باپ جنت کا دروازہ ہے باپ راضی ہوگا تب ہی تو جنت کا دروازہ کھلے گا خدارہ خدارہ والدین کی قدر کریں والدین کی ناراضگی سے بچیں والدین کی خدمت کریں تو انشاء اللہ اللہ پاک راضی ہوں گے رحمت الٰہی جوش میں آئے گی تو آپکا بیڑہ پار ہو جائے گا انشاء اللہ نارووال (محمد ندیم خالق) تحصیل صدر مغل فاؤنڈیشن ظفروال شرافت علی مغل کی کیمرہ مین ظہیر احمد طور۔ چوہدری رشید احمد نمبردار چیئرمین مصالحتی کونسل۔ چوہدری نعیم اختر ایڈووکیٹ سابقہ صدر تحصیل بار ظفروال اور چوہدری صدیق بھٹلی سابق وزیر ریاست جموں وکشمیر کے ساتھ سوہنی گرینڈ پیلس ظفروال میں چوہدری بشیر احمد کے دسویں شریف کے ختم پاک میں خصوصی شرکت کی شرافت علی مغل نے سوہنی گرینڈ پیلس ظفروال کے اونر چوہدری منیر احمد۔ چوہدری امانت علی۔ چوہدری بشارت علی۔ چوہدری نصیر احمد کے والد محترم اور اویس صغیر۔ محمد شہزاد کے تایا جان چوہدری بشیر احمد کے دسویں شریف کی محفل پاک کا سوہنی گرینڈ پیلس میں انعقاد۔ جس میں دور ونزدیک سے عزیز و اقارب مہمان ذی وقار اور اہل علاقہ کے علاوہ تحصیل صدر مغل فاؤنڈیشن ظفروال شرافت علی مغل۔ چوہدری رشید احمد نمبردار چیئرمین مصالحتی کونسل۔ چوہدری صدیق بھٹلی سابقہ وزیر آزاد جموں کشمیر۔ چوہدری نعیم اختر ایڈووکیٹ سابق صدر تحصیل بار ظفروال۔ اور کیمرہ مین ظہیر احمد طور نے خصوصی شرکت کی۔ ختم پاک کی محفل کا آغاز تلاوت و حمد ونعت سے ہوا نعت شریف کا تحفہ ابوبکر قادری نے پیش کیا اور خصوصی خطاب قاری شہزاد احمد اور مولانا قاری قمر المصطفے مانگوی نے کیا قاری قمر المصطفے مانگوی نے بہت ہی خوبصورت اور پیارے انداز میں حقوق والدین اور عظمت ماں باپ پر روشنی ڈالی اور کہا کہ ماں کے پیروں تلے جنت ہے تو باپ کی عظمت بھی کم نہیں اللہ پاک نے باپ کو جنت کے دروازے کا درجہ دے دیا۔ باپ جنت کا دروازہ ہے باپ راضی ہوگا تب ہی تو جنت کا دروازہ کھلے گا خدارہ خدارہ والدین کی قدر کریں والدین کی ناراضگی سے بچیں والدین کی خدمت کریں تو انشاء اللہ اللہ پاک راضی ہوں گے رحمت الٰہی جوش میں آئے گی تو آپکا بیڑہ پار ہو جائے گا انشاء اللہ نارووال (محمد ندیم خالق) تحصیل صدر مغل فاؤنڈیشن ظفروال شرافت علی مغل کی کیمرہ

جنڈی ہنیسر کے جنگل میں آگ بجھانے کے دوران فائر فائٹر زخمی

جنگلاتی آگ میں پھنسے تین افراد میں سے ایک تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل

کہوٹہ (ندیم آزاد) کہوٹہ کے نواحی علاقے جنڈی ہنیسر کے جنگل نمبر 71 میں آگ بجھانے کے دوران پیش آنے والے افسوسناک واقعے میں محکمہ جنگلات کا ایک فائر فائٹر شدید جھلس کر زخمی ہو گیا۔ آگ کے دوران تین افراد جنگل میں پھنس گئے تھے جن میں سے دو کو بحفاظت نکال لیا گیا جبکہ ایک شخص کو تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کرنا پڑا۔ کہوٹہ کے نواحی علاقے جنڈی ہنیسر کے جنگل میں لگی آگ پر قابو پانے کی کوشش کے دوران محکمہ جنگلات میں بطور فائر فائٹر خدمات انجام دینے والے اسجد محمود ولد غلام رسول شدید جھلس کر زخمی ہو گئے۔ اطلاعات کے مطابق آگ بجھانے کے عمل کے دوران تین افراد جنگل کے



اندر پھنس گئے تھے۔ مقامی افراد اور امدادی ٹیموں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے نظر حسین اور ارسلان کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا جبکہ اسجد محمود آگ کی لپیٹ میں آ کر شدید زخمی ہو گئے۔ اہل علاقہ نے زخمی فائر فائٹر کو اپنی مدد آپ کے تحت دشوار گزار جنگلاتی علاقے سے نکال کر مین سڑک تک پہنچایا جہاں ریسکیو 1122 کی ٹیم نے ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد انہیں تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کہوٹہ منتقل کر دیا۔ ڈاکٹروں کے مطابق زخمی شخص کے جسم کا بڑا حصہ جھلس گیا تھا جس کے باعث ابتدائی طبی امداد کے بعد انہیں مزید علاج کے لیے راولپنڈی منتقل کر دیا گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈویژنل فارسٹ آفیسر ارم منیر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کہوٹہ پہنچیں، زخمیوں کی عیادت کی اور متعلقہ عملے کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت جاری کی۔ جنگلات میں لگنے والی آگ پر قابو پانے کے لیے محکمہ جنگلات، ریسکیو ادارے اور مقامی افراد مشترکہ طور پر سرگرم عمل ہیں جبکہ واقعے نے جنگلاتی آگ سے نمٹنے کے دوران فیلڈ عملے کو درپیش خطرات کو ایک بار پھر اجاگر کر دیا ہے۔

وفاق ایکشن کمیٹی کی بلیک میلنگ میں نہ آئے، راجہ محمد صدیق

خودمختار کشمیر کا نعرہ لگانے والوں کو عوام نے ہمیشہ مسترد کیا، رکن اسمبلی

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے رکن راجہ محمد صدیق نے کہا کہ آزاد کشمیر میں مٹھی بھر ایسے لوگوں نے سیاست کو یرغمال بنا رکھا ہے جن کی آزاد کشمیر میں کوئی ایک نشست بھی نہیں یہ خودمختار کشمیر کا ایجنڈہ لے کر نکلے ہیں وفاقی حکومت کو ان سے مزاکرات کرنے چاہیں نہ ہی ان کی بلیک میلنگ میں آنا چاہیے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز مسلم لیگ ن کلرسیداں سٹی کے جنرل سیکرٹری چوہدری زین العابدین عباس کے دفتر میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر راجہ سلیمان صدیق، خان شبیر خان، ٹھیکیدار ملک رفاقت بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ ایکشن کمیٹی کا ایجنڈہ مسئلہ کشمیر کی پیٹھ میں چھرا گھونپا ہے اس کے لوگوں نے نوجوانوں کو سبز باغ دکھا کر گمراہ کر رکھا ہے ان لوگوں کو آزاد کشمیر کے غیور اور محب وطن لوگوں نے انہیں ہمیشہ مسترد کیا یہ الیکشن لڑنے کی جرات نہیں رکھتے مگر دھونس دھاندلی اور غنڈہ گردی کے ذریعے آزاد کشمیر میں انارکی کو ہوا دے رہے ہیں آزاد کشمیر میں افراتفری پھیلانے والے آزاد کشمیر کے دوست نہیں ہو سکتے وفاقی حکومت ان سے مزاکرات فوری ختم کر کے ان کی بلیک میلنگ کی سیاست کو ناکام بنائے انہوں نے کہا کہ مہاجرین نشستوں کے خاتمے کی باتیں کرنے والے آزاد کشمیر کی حیثیت کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں یہ کسی اور کے ایجنڈے کو لے کر نکلے ہیں۔ انہوں نے پیپلز پارٹی آج وزارت امور کشمیر کے خاتمے کی باتیں کر رہی ہے اپنے دور حکومت میں انہوں نے کبھی اس کو ختم نہ کیا انہیں بھی آج جموں و وادی کی نشستوں پر اعتراض ہے کیونکہ ان نشستوں پر انہیں کبھی کامیابی نہیں ملی یہ آزاد کشمیر میں ایکشن کمیٹی کی ہمدردیاں حاصل کرنے کے لیئے اس طرح کی بے سروپا باتیں کر رہے ہیں اپنے دور حکومت میں انہوں نے کبھی اس کو ختم نہ کیا انہیں بھی آج جموں و وادی کی نشستوں پر اعتراض ہے کیونکہ ان نشستوں پر انہیں کبھی کامیابی نہیں ملی یہ آزاد کشمیر میں ایکشن کمیٹی کی ہمدردیاں حاصل کرنے کے لیئے اس طرح کی بے سروپا باتیں کر رہے ہیں اپنے دور حکومت میں انہوں نے کبھی اس کو ختم نہ کیا انہیں بھی آج جموں و

لاہور: آسٹریلیا نے پاکستان کو شکست دے کر سیریز برابر کر دی

فیصلہ کن ون ڈے آج، دونوں ٹیمیں برتری کے لیے مدمقابل ہوں گی

لاہور (پی پی اے) پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان کھیلے گئے دوسرے ون ڈے میچ میں آسٹریلیا نے پاکستان کو 41 رنز سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز 1-1 سے برابر کر دی قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے میچ میں آسٹریلیا نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 231 رنز بنائے کیمرون گرین نے 53 جبکہ جوش انگلس نے 51 رنز کی ذمہ دارانہ اننگز کھیلی پاکستان کی جانب سے شاہین شاہ آفریدی نے 3 ابرار احمد عرفات منہاس اور حارث رؤف نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں 232 رنز کے ہدف کے تعاقب میں پاکستانی ٹیم 44 اوورز میں 190 رنز پر

ڈھیر ہو گئی شاداب خان نے نصف سنچری اسکور کی جبکہ عرفات منہاس نے بھی مزاحمت کی تاہم وہ ٹیم کو فتح سے ہمکنار نہ کر سکے آسٹریلیا کی جانب سے عیتھن ایلس نے شاندار باؤلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا اور پلیئر آف دی میچ قرار پائے اس فتح کے ساتھ آسٹریلیا نے سیریز 1-1 سے برابر کر دی جبکہ سیریز کا فیصلہ کن تیسرا اور آخری ون ڈے میچ آج کھیلا جائے گا

مہمند: شدید گرمی میں ٹریفک اہلکاروں کے لیے خصوصی سہولیات فراہم

چھتریاں اور واٹر کولرز تقسیم، فیلڈ ڈیوٹی کو مزید مؤثر بنانے کا اقدام

قبائلی ضلع مہمند (پی پی اے) شدید گرمی کے پیش نظر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مہمند رضا محمد (QPM) کی ہدایت پر ٹریفک پولیس اہلکاروں کی سہولت اور تحفظ کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں اس سلسلے میں ڈی ایس پی ٹریفک اپر مہمند انقلاب خان اور ڈی ایس پی ٹریفک لوئر مہمند جان محمد خان نے دورانِ ڈیوٹی اہلکاروں میں سایہ دار چھتریاں اور ٹھنڈے وصاف پانی کی فراہمی کے لیے واٹر کولرز تقسیم کیے اس اقدام کا مقصد ٹریفک پولیس اہلکاروں کو شدید دھوپ اور گرمی کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنا اور انہیں بہتر کام کا ماحول فراہم کرنا ہے تاکہ وہ عوامی خدمت اور ٹریفک کی

روانی برقرار رکھنے کے فرائض مزید مؤثر انداز میں انجام دے سکیں ڈی پی او مہمند رضا محمد نے کہا کہ پولیس اہلکار ہر موسم اور ہر قسم کے حالات میں عوام کی خدمت کے لیے میدانِ عمل میں موجود رہتے ہیں اس لیے ان کی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی محکمہ پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

اسلام آباد: آئی جی کی شہداء پولیس کے اہلِ خانہ سے ملاقات

شہداء کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت، ہر ممکن تعاون جاری رکھنے کا عزم

اسلام آباد (پی پی اے) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے شہداء اسلام آباد پولیس کے اہلِ خانہ سے ملاقات کر کے شہداء کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور اہلِ خانہ کے صبر و استقامت کو سراہا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہداء اسلام آباد پولیس کا فخر اور ماتھے کا جھومر ہیں جن کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی انہوں نے یقین دلایا کہ محکمہ پولیس شہداء کے خاندانوں کی فلاح و بہبود بچوں کی تعلیم، صحت اور دیگر ضروریات کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا آئی جی اسلام آباد کا کہنا تھا کہ اسلام آباد پولیس اپنے شہداء کو کبھی فراموش نہیں کرتی اور ان کے اہلِ خانہ کے ساتھ ہر وقت شانہ بشانہ کھڑی رہے گی

جدہ: مرزا احمد بیگ کی میزبانی میں روحانی و علمی محفل سج گئی

علماء کرام کے ایمان افروز خطابات، اخلاص، دیانت اور دینی شعور پر زور

جدہ (محمد اکرم اسد) دین اسلام سے دوری ہمیں پستی کیطرف لے جارہی ہے، قرآن وسنت کو اپنا کر ہی ہم آگے بڑھ سکتے ہیں، اسلام ایک مکمل دین حیات ہے ہمیں اسکی طرف آنا ہوگا اور اپنی نئی نسل کو قرآن وسنت کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار جمعیت اہلحدیث پاکستان کے مرکزی نائب امیر قاری صہیب احمد میر محمدی نے یہاں ایک ایمان افروز وروح پرور محفل جو مرزا احمد بیگ کی صدارت میں منعقد ہوئی سے پُرسوز وروحانی خطاب کرتے ہوئے کیا جس نے حاضرین کے ایمان کو حرارت بخشی، افکار وخیالات کو بلندی عطا کی اور جذبات و احساسات کو تازگی و پاکیزگی سے ہمکنار کیا۔ یہ روحانی و علمی نشست اپنے حسنِ ترتیب، علمی وقار اور دینی ماحول کے باعث شرکائے محفل کے دلوں میں دیرپا نقوش چھوڑ گئی۔ قاری صہیب احمد میر محمدی نے خطاب کرتے ہوئے پانچ بنیادی امور کی جانب خصوصی توجہ دلائی۔ انہوں نے توحید وسنت کی اہمیت، اعلیٰ اخلاق، معاملات میں دیانت و صداقت، دین سے مضبوط وابستگی اور اخلاصِ نیت جیسے موضوعات پر ایمان افروز گفتگو کی۔ ان کا خطاب علم، حکمت اور دعوتی بصیرت کا حسین امتزاج تھا جس سے حاضرین نے بھرپور استفادہ کیا۔ ممتاز کاروباری شخصیت مرزا احمد بیگ کیطرف سے منعقدہ محفل سے خطاب کرتے ہوئے معروف عالم دین مولانا عبدالمنان راسخ نے نہایت مؤثر اور فکر انگیز انداز میں حاضرین کو نصیحت فرمائی اور کہا کہ اخلاص اور خیر خواہی ہی کامیابی کی چابی ہے اس پر عمل پیرا ہو کر آگے بڑھا جا سکتا ہے، انہوں نے امتِ مسلمہ کو درپیش غفلت، تساہل اور دینی کمزوریوں کی نشاندہی کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ مسلمان اپنی زندگیوں میں دین کے عملی تقاضوں کو زندہ کریں اور اللہ تعالیٰ سے اپنے تعلق کو مضبوط بنائیں۔ اپنے صدارتی خطاب میں مرزا احمد بیگ نے کہا کہ یہ محفل والوں کی خوش بختی ہے کہ اتنی تعداد میں علماء کرام اس محفل میں موجود ہیں جو نہ صرف خیر و برکت بلکہ روحانی سکون کا بھی باعث ہیں اور انکے ارشادات نے نہ صرف محفل کو گرمایا بلکہ ایک روحانی وجد بھی طاری کیا اس مبارک اجتماع کی رونق ممتاز اہلِ علم و دعوت شخصیات،، مولانا عبدالمنان راسخ، سید عتیق الرحمن شاہ، شہاب مدنی، ڈاکٹر عبید الرحمن شاہین، عبدالرب صاحب اور ان کے دیگر رفقاء تھے، جو فریضۂ حج کی سعادت حاصل کرنے کے بعد یہاں تشریف لائے تھے۔ اس علمی محفل میں متعدد علمی، سماجی اور کاروباری شخصیات نے بھی شرکت کی۔ محفل کی نظامت کے فرائض شیخ عبد القیوم سلفی نے نہایت خوش اسلوبی، وقار اور مہارت کے ساتھ انجام دیے، جس سے پروگرام کے حسن اور تاثیر میں مزید اضافہ ہوا۔ یہ روح پرور اور ایمان افروز نشست ایک شاندار ظہرانے کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ شرکائے محفل نے اس بات کا اظہار کیا کہ ایسی علمی و روحانی مجالس معاشرے میں خیر، محبت، اخوت اور دینی شعور کے فروغ کا اہم ذریعہ ہیں۔ آخر میں تمام معزز مہمانوں اور شرکائے محفل نے میزبانِ گرامی محترم مرزا احمد بیگ کا خصوصی شکریہ ادا کیا، جنہوں نے نہایت محبت، خلوص اور فراخ دلی کے ساتھ اس یادگار محفل کا انعقاد کیا اور مہمان نوازی کی بہترین روایت کو زندہ رکھا۔ حاضرین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور اسے دینِ اسلام کی خدمت اور مسلمانوں کے درمیان خیر ومحبت کے فروغ کا ذریعہ بنائے#

پولیس کی بڑی کارروائی، 4 رکنی مویشی چور گروہ گرفتار

7 بھینسیں، 4 گائیں اور نقدی سمیت 68 لاکھ روپے کا سامان برآمد

منڈی بہاوالدین مویشی چور گینگ گرفتار، لاکھوں روپے مالیت کے مویشی اور نقدی برآمد ● منڈی بہاوالدین (حافظ زاہد حمید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر منڈی بہاءالدین کامران عامر خان کی ہدایت پر تھانہ قادر آباد پولیس نے مویشی چوری میں ملوث 4 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایچ او قادر آباد نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کیا اور ان کے قبضہ سے چوری شدہ مویشیوں سمیت بھاری مالیت کی برآمدگی عمل میں لائی۔ پولیس نے ملزمان کے قبضہ سے 7 بھینسیں، 4 گائیں، 2 بکرے، 2 بکریاں اور چوری میں استعمال ہونے والی گاڑی اور 6 لاکھ 10 ہزار روپے نقدی برآمد کر لی۔ برآمد ہونے والے مویشیوں اور نقدی کی مجموعی مالیت 68 لاکھ 70 ہزار روپے بنتی ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کامران عامر خان نے کامیاب کارروائی

پر ایس ایچ او قادر آباد اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور مویشی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی تاکہ عوام کے اعتماد کو مزید مضبوط

تخت بھائی: ٹریفک انچارج کی جانب سے چارسدہ رجڑ پھاٹک کی مرمت، ٹریفک مسائل میں کمی

عوامی تعاون سے ٹریفک بہتری ممکن، خراب سڑک حصوں کی بحالی سے آمدورفت بہتر ہوگئی

تخت بھائی (امتیاز ٹکر نمائندہ خصوصی) انچارج ٹریفک تخت بھائی فیض الرحمان خان نے اپنی مدد اپ کے عوام اور ٹریفک مشکلات دور کرنے کیلیے تخت بھائی مین ملاکنڈ روڈ پر چارسدہ رجڑ پھاٹک کے خراب حصوں کی مرمت کر کے قابل استعمال بنادیا تاکہ عوام اور ٹریفک کی مشکلات دور ہوسکیں۔ اس موقع پر انچارج ٹریفک فیض الرحمان خان نے بتایا کہ تخت بھائی سرکل میں ٹریفک مسائل پر مثبت حکمت عملی اور عوامی تعاون سے کافی حد تک قابو پالیا گیا ھے اور ٹریفک پولیس نے عوامی و ٹریفک مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف مقامات

انچارج ٹریفک تخت بھائی فیض الرحمان خان نے اپنی مدداپ کے عوام اور ٹریفک مشکلات دور کرنے کیلیے تخت بھائی مین ملاکنڈ روڈ پر چارسدہ رجڑ پھاٹک کے خراب حصوں کی مرمت کر کے قابل استعمال بنادیا تاکہ عوام اور ٹریفک کی مشکلات دور ہوسکیں۔ اس موقع پر انچارج ٹریفک فیض الرحمان خان نے بتایا کہ تخت بھائی سرکل میں ٹریفک مسائل پر مثبت حکمت عملی اور عوامی تعاون سے کافی حد تک قابو پالیا گیا ھے اور ٹریفک پولیس نے عوامی و ٹریفک مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف مقامات

جدہ: دین سے دوری امتِ مسلمہ کے زوال کا سبب بن رہی ہے، قاری صہیب میر محمدی

قرآن و سنت سے وابستگی ہی ترقی اور کامیابی کی ضمانت قرار

جدہ (محمد اکرم اسد) دین اسلام سے دوری ہمیں پستی کیطرف لے جارہی قرآن وسنت کو اپنا کر ہی ہم آگے بڑھ سکتے ہیں اسلام ایک مکمل دین حیات ہے ہمیں اسکی طرف آنا ہوگا اور اپنی نئی نسل کو قرآن وسنت کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار جمعیت اہلحدیث پاکستان کے مرکزی نائب امیر قاری صہیب احمد میر محمدی نے یہاں ایک ایمان افروز وروح پرور محفل جو مرزا احمد بیگ کی صدارت میں منعقد ہوئی سے پُرسوز وروحانی خطاب کرتے ہوئے کیا جس نے حاضرین کے ایمان کو حرارت بخشی افکار وخیالات کو بلندی عطا کی اور جذبات و احساسات کو تازگی و پاکیزگی سے ہمکنار کیا یہ روحانی وعلمی نشست اپنے حسنِ ترتیب علمی وقار اور دینی ماحول کے باعث شرکائے محفل کے دلوں میں دیرپا نقوش چھوڑ گئی قاری صہیب احمد میر محمدی نے خطاب کرتے ہوئے پانچ بنیادی امور کی جانب خصوصی توجہ دلائی انہوں نے توحید وسنت کی اہمیت اعلیٰ اخلاق، معاملات میں دیانت و صداقت دین سے مضبوط وابستگی اور اخلاصِ نیت جیسے موضوعات پر ایمان افروز گفتگو کی ان کا خطاب علم حکمت اور دعوتی بصیرت کا حسین امتزاج تھا جس سے حاضرین نے بھرپور استفادہ کیا ممتاز کاروباری شخصیت مرزا احمد بیگ کیطرف سے منعقدہ محفل سے خطاب کرتے ہوئے معروف عالم دین مولانا عبدالمنان راسخ نے نہایت مؤثر اور فکر انگیز انداز میں حاضرین کو نصیحت فرمائی اور کہا کہ اخلاص اور خیر خواہی ہی کامیابی کی چابی ہے اس پر عمل پیرا ہو کر آگے بڑھا جا سکتا ہے انہوں نے امتِ مسلمہ کو درپیش غفلت تساہل اور دینی کمزوریوں کی نشاندہی کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ مسلمان اپنی زندگیوں میں دین